T06-01Dec2025 Abdul Ghafoor/ED: Shakeel 5:30 PM

**(نماز مغرب کی وقفے کے بعد ۵ بجکر ۳۰ منٹ جناب ڈپٹی چیئرمین کی صدارت میں اجلاس دوبارہ شروع ہوا)**

جناب ڈپٹی چیئرمین: (جاری۔۔۔۔) آرڈر نمبر ۴۷ سینیٹر محمد طلحہ محمود کے نام سے ہے۔ براہ مہربانی قرارداد پیش کریں۔

**Resolution moved by Senator Muhammad Talha Mahmood regarding provision of adequate relief packages and compensation to the families affected by floods, 2025 in the country**

Senator Muhammad Talha Mehmood: Bismillah Alrahman Alraheem. I, hereby move the following resolution:-

> "The Senate of Pakistan recommends that the Government should provide adequate relief packages and compensation to the families affected by floods, 2025 in the country."

خاص طور پر بنیر، سوات اور گلگت بلتستان میں this is very important لوگوں کے گھر اُجڑ گئے بالکل، پورے پورے گاؤں ختم ہو گئے۔ یہ میری Resolution ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی، منسٹر صاحب۔ پلیز۔

**Senator Muhammad Aurangzeb**

سینیٹر محمد اورنگزیب: (وزیر برائے خزانہ) جناب چیئرمین! سینیٹر طلحہ محمود صاحب نے جو بات کی ہے کہ اس میں جو rescue and relief effort ہے related to this year's flooding اگر کسی ایسی جگہ جہاں پر کوئی کوتاہی رہ گئی ہے تو وُہ ہمیں ضرور بتائیں otherwise, rescue and relief کے مطابق جو سب صوبے ہیں اور فیڈریشن سے بھی جو support ہوئی ہے وُہ تو already جا چکی ہے۔ اُس میں بڑی public commitments کی گئی ہیں کہ ہم نے rescue and relief میں کیا کرنا ہے۔ اب اس کا next stage ہوگا rehabilitation اور reconstruction اگر ہمیں ذرا detail میں بتا دیں گے کہ کن areas کی بات کر رہے ہیں تو وُہ specific صوبوں یا concerned Ministry کو I will be able to convey that

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی، سینیٹر محمد طلحہ محمود صاحب، پلیز۔

سینیٹر محمد طلحہ محمود: Accept ہے۔ منسٹر صاحب نے بڑی reasonable بات کی ہے۔ جس وقت time دیں میں آپ کے پاس جا بھی سکتا ہوں، میں آپ کو پورے علاقوں کی briefing دے سکتا ہوں، ان شاء اللہ۔ بہت شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی، جس نے قرارداد پیش کی اور منسٹر صاحب کے درمیان بات ہوئی آپ دونوں اس پر بیٹھیں۔

سینیٹر محمد طلحہ محمود: جناب چیئرمین! اُن کے ساتھ بیٹھ کر میں ان کو brief بھی کر دوں گا۔ انہوں نے تو کہا کہ کئی جگہوں پر ہم already بھیج بھی چکے ہیں۔ یہ بہت اچھی بات ہے۔ یہ اِن کو credit جاتا ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی، پھر put up کرتے ہیں۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی، سینیٹر دنیش کمار صاحب آپ کو اس پر کوئی اعتراض ہے؟ جس نے پیش کیا، اُس کو تو کوئی اعتراض نہیں ہے۔ یہ resolution ہے، قرارداد ہے۔ آپ ذرا check کر لیں۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی، طلحہ محمود صاحب آپ اس حوالے سے بات کریں۔

سینیٹر محمد طلحہ محمود: بات تو ہو گئی ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی، ایسے نہیں کر سکتے آپ ماشاء اللہ اتنے senior ہیں۔ آپ مہربانی کریں، پلیز بیٹھیں۔ اب میں قرارداد ایوان کے سامنے رکھتا ہوں۔

(قرارداد منظور کی گئی)

جناب ڈپٹی چیئرمین: قرارداد منظور کی جاتی ہے۔ آرڈر نمبر ۴۸ سینیٹر کامران مرتضیٰ صاحب۔ (جاری۔۔۔T-07)

جناب ڈپٹی چیئرمین۔۔۔جاری۔۔۔Order No.48 سینیٹر کامران مرتضیٰ صاحب۔

**Motion under Rule 218 moved by Senator Kamran Murtaza regarding Technical Assistance Report issued by the IMF on "Governance and Corruption Diagnostic Assessment in Pakistan"**

Senator Kamran Murtaza: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ Sir, I move that the House may discuss the Technical Assistance Report issued by the IMF on "Governance and Corruption Diagnostic Assessment in Pakistan" whereby IMF has assessed that corruption is a persistent challenge in Pakistan with significant adverse implications for economic development.

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی منسٹر صاحب۔

سینیٹر محمد اورنگزیب (وفاقی وزیر خزانہ): جناب چیئرمین! سینیٹر کامران مرتضیٰ صاحب نے جو point raise کیا ہے، اس کو کل I had a very detailed press conference on the overall economy اور اس میں بھی میں نے یہ address کیا، I would make the similar submissions here on the floor of the House. پہلے تو یہ ہے کہ جو report ہے یہ ہم نے request کی اور ہم نے initiate کی from the Government side.

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی کامران صاحب۔

**Senator Kamran Murtaza**

سینیٹر کامران مرتضیٰ: اب پتا نہیں کہ انہوں نے میرے motion کو oppose کیا ہے یا نہیں، یہ مجھے نہیں پتا۔ اب تک تین reports آچکی ہیں، ایک IMF کی رپورٹ ہے، ایک Auditor General کی رپورٹ ہے اور ایک State Bank کی رپورٹ ہے۔ وہ دو رپورٹس تو اس وقت subject نہیں ہیں مگر یہ تین رپورٹس اب تک آ گئی ہیں، اس حوالے سے اور تقریباً یہ معاملہ ملتا جلتا ہے تو میرا خیال ہے

کہ اگر یہ تکلیف کریں تو کسی کمیٹی میں اسے address ہونا چاہیے، یہ بہت زیادہ اہم معاملہ ہے اور پورے پاکستان میں اس وقت بھی اس کی گونج ہے باوجود اس کے کہ ان کے اور IMF کے درمیان یقیناً love affair دو سال سے چل رہا ہے مگر اس دو سال کے love affair کے باوجود انہوں نے ان پر تنقید کی ہے۔ ان کی مہربانی ہے کہ وہ 18 billion dollars کی بات کر رہے ہیں۔ جب 18 billion dollars کی corruption and leakage کے حوالے سے بات ہو گی تو ہم وہ قوم جو ایک ایک بلین ڈالر کے لیے مختلف ممالک کے سامنے ہاتھ پھیلا کر جا رہی ہے، یقیناً ان کے لیے سوچنے کا مقام پیدا ہو جائے گا۔ Auditor General کی رپورٹ میں بھی trillion rupees کی بات ہوئی ہے مگر بعد میں وہ اپنی بات پر کھڑے نہیں رہے، انہوں نے اسے typo قرار دے دیا، اب State Bank کی رپورٹ آئی ہے جو اس سے ملتی جلتی ہے، انہوں نے کہا ہے کہ 7.1% بے روزگاری ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ اپنی تحریک پر بات کریں۔

سینیٹر کامران مرتضیٰ: جناب اسی پر بات کر رہا ہوں۔ اس رپورٹ میں 7.1% بے روزگاری کی بات ہوئی اور اس IMF کی رپورٹ میں، جو میرے خیال میں سب سے اہم شعبہ ہے جس کو criticize کیا گیا ہے وہ عدالتوں کا شعبہ ہے اور عدالتوں کے حوالے سے اس میں بڑی بات کی گئی ہے باوجود اس کے کہ ان کی عدالتوں پر نظر کرم ہے اور عدالتوں کے بٹوارے ہو رہے ہیں مگر اس کے باوجود عدالتوں کا ان دو سالوں میں graph مسلسل گرا ہے۔ اب اگر آپ ان تینوں چیزوں کو ملا کر دیکھیں گے اور ان کے دو سالوں کو دیکھیں گے، دو سالوں کا مطلب ہے کہ تقریباً آدھا وقت اگر اس حکومت نے اپنا پورا کر لیا ہو اور آدھا وقت پورا کرنے کے باوجود بھی اس طرح کی رپورٹ ان لوگوں کی طرف سے آئے جو ان کے لیے favourable ہے، جن کے ساتھ ان کے تعلقات اچھے ہیں، اس کے باوجود یہ بات بہت تکلیف دہ ہے، اس کو ایک اور reference سے بھی دیکھیے گا کہ بلوچستان میں کل اضلاع 34 ہیں اور ان میں سے 17 اضلاع ایسے ہیں جن کو پسماندہ ترین قرار دیا جا سکتا ہے، تو پاکستان میں اگر کوئی پسماندگی ہے تو اس کی بنیادی طور پر وجہ کرپشن ہے اور کرپشن کے حوالے سے انہوں نے انگلیاں اٹھائی ہیں، انصاف کے نظام میں بہتری نہیں ہے، اس حوالے سے انگلیاں اٹھی ہیں اور بہت سے معاملات اس حکومت کے حوالے سے ہیں تو میری یہ submission and request ہو گی کہ اس کو thoroughly examine کرنے کے لیے کسی کمیٹی کے حوالے کیا جائے تاکہ اسے دیکھا جا سکے کہ اس IMF کی رپورٹ کے reference سے اس حکومت کی دو سالوں میں کیا کارکردگی رہی ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی منسٹر صاحب۔

**Senator Muhammad Aurangzeb (Minister for Finance)**

سینیٹر محمد اورنگزیب: جناب چیئرمین! میں سینیٹر کامران مرتضٰی صاحب کی خدمت میں یہ پیش کروں گا کہ ان تینوں رپورٹوں کا ایک دوسرے کے ساتھ کوئی تعلق نہیں ہے۔ انہوں نے جو 7.1% unemployment کی بات کی ہے وہ Pakistan Bureau of Statistics سے آئی ہے اور وہ PBS Planning and ہے، جو 7.1% unemployment کی بات ہے وہ unemployment کے بارے میں ہے۔ اس کے بارے میں آپ جب بھی کہیں گے اس پر بات ہو سکتی ہے۔ یہ جو رپورٹ ہے تو اس پر میں نے یہ بات کرنی چاہی کہ we initiated this report and we facilitated this discussion. تقریباً 100 meetings ہوئیں اور اس میں تیس سے زیادہ ادارے شامل تھے۔ میں سینیٹر صاحب کی خدمت میں یہ پیش کرنا چاہوں گا کہ اس کا جو scope ہے اسے پہلے دیکھ اور سمجھ لیجیئے۔ اس میں fiscal governance تھا جس میں tax policy, tax administration, public financial management تھا۔ No.2 market regulation, No.3 financial sector oversight, No.5 AMLCFT, No.6 Rule of law and No.7 the nature and severity of corruption تو اس کے سات topics تھے اس میں سے آپ نے ایک کا ذکر کیا ہے اور یہ ایک tactical report ہے اور چیئرمین صاحب اس میں مقصد ہی یہ تھا کہ جیسے ہم structural reforms کر رہے ہیں اسی طرح ہم institutional reforms کی طرف جائیں۔ اگر کسی نے یہ پوری رپورٹ پڑھی ہے اور اس کو ضرور پڑھنا چاہیے کیونکہ 186 pages پر یہ رپورٹ ہے around these seven topics اور انہوں نے structural deficiencies کی نشان دہی کی ہے، structural deficiencies since the time of inception over decades اور جس نے بھی یہ رپورٹ پڑھی ہے تو اس رپورٹ میں actually انہوں نے ذکر کیا ہے of all the progress that has been made over the last eighteen months اور اس میں سے I can go through the paragraph as well لیکن انہوں نے اپنی appreciation record کروائی ہے in terms of the reform momentum, improve fiscal performance, primary surplus achievement, inflation coming down, enabling interest rate cuts, reserve rebuilding, State efficiency, digitization efforts, SVP, legal strengthening, FATF list

جو exit and judicial reform initiatives, ADR progress and expansion of EPADS
ہماراprocurementکا سارا سسٹم ہے اور اس رپورٹ کا جو سارالب لباب ہے اس میں recommendations تو زیادہ ہیں لیکن
چیئرمین صاحب انہوں نے15 recommendations دی ہیں کہ institutional reforms کو ہم نے کیسے آگے لے کر جانا ہے
اور یہ جو priority recommendations ہیں ان کو ہم تھوڑا ساthematically دیکھ سکتے ہیں کہ انہوں نے اس میں کیا کیا باتیں
کی ہیں اور میں اس بابت دوبارہ بتادیتا ہوں کہ because number of these are already work in progress تو
کوئی ایسی چیز نہیں ہے which we are not already working on. So, for example انہوں نے ایک بات کی
ہے publish declarations of high level civil servants and introduced risk-based
verification. یہ ایکٹ already pass ہو چکا ہے، کہ جو ہمارے civil servants یا حکومت میں لوگ ہیں they are
going to make their assets public, its already in the works, پھر یہ ہے کہ in year without
Parliamentary approval budget adjustments نہ کریں تو اس وقت کوئی ایسی چیز نہیں ہے، ہم جو کرتے ہیں وہ
TSGs کے ذریعے کرتے ہیں لیکن ایسی کوئی supplementary grant approve نہیں ہوتی جو Parliament میں نہ
آئے۔ Publish strategy to simplify tax system, reduce exemptions and report progress
annually, اسی طرح publish audit finding relating to PRAL and track FBR responses to
major audit findings یہ سارا جو tax authority کا نظام ہے in terms of people, process,
technology this is work in progress in terms of the transformation. Eliminate
preferences for SOEs, mandate e-government system usage in 12 months. 12
months کی بات تو بعد میں آتی ہے، EPADS Federal Government میں اور تین صوبوں میں already invoke
ہے۔ 9000 procuring agencies اس وقت EPADS across the country use کر رہی ہیں۔ 41000
vendors ہیں جو EPADS registered ہیں، including 600 foreign vendors اور اس EPADS system کا
مقصد کیا ہے۔۔

آگے (جاری۔۔T-08)

جناب محمد اورنگزیب (جاری۔۔۔) Including 600 foreign vendors اور اس کا دیکھیں مقصد کیا ہے یہ EPADS کا system یا جو procurement ہے، اس کو digitalization میں لے جانے کے لیے کہ زیادہ transparency آئے۔ اس میں جو element of leakage ہے یا corruption ہے، اس کو reduce کیا جائے۔ So, number of these items are already work in process.

جناب ڈپٹی چیئرمین! ہم یہ ضرور کہہ سکتے ہیں کہ یہ جو 15 recommendations آئی ہیں، in this entire report، اس میں جو ہمارا action plan ہے۔ وہ ہم اس ایوان کے ساتھ بھی اور in fact with the whole nation we will share کہ اس کا جو action plan ہے ان شاءاللہ ہم اس کو آگے کیسے لے کر جائیں گے۔ As a part of the overall institutional reform. میں آخری بات کرنا چاہتا ہوں کہ یہ جہاں IMF کی affair یا محبت کا تعلق نہیں ہے۔ جہاں جہاں یہ پروگرام invoke ہے، وہ 20 سے زیادہ ممالک ہیں، جہاں اس قسم کی diagnostic report آچکی ہے۔ کچھ ایسے ممالک ہیں جنہوں نے تقریباً 13 ممالک ہیں جنہوں نے اپنے آپ کو اس چیز کے لیے actually volunteer کیا ہے۔ اس میں OECD countries، UK, USA, Switzerland شامل ہیں۔ So, this is actually best practice and see what is happening in other jurisdictions اور اس کو ہم success transfer کیسے کر سکتے ہیں۔ جیسے ہم institution reform کی طرف آگے جائیں گے۔ بہت شکریہ جی۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: کامران مرتضٰی صاحب اس پر منسٹر صاحب نے بہت مفصل جواب دیا ہے۔ اس کے بعد اس پر بات نہیں ہو سکتی، نہیں ہو سکتی ہے۔ جب منسٹر بات کر لیتے ہیں تو دوبارہ بات نہیں ہو سکتی۔ آپ اور ڈاکٹر صاحب اتنے senior ہیں اگر rules کے مطابق۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی جی۔ انہوں نے تمام سوالات کے بہت مفصل جوابات دیے ہیں۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: کامران مرتضیٰ صاحب آپ بات کرلیں۔

سینیٹر کامران مرتضیٰ: جناب ڈپٹی چیئرمین! دو تین سوالات ہیں۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: No cross talk please. جی کامران مرتضیٰ صاحب۔

سینیٹر کامران مرتضیٰ: میں یقیناً PTI کا نہیں ہوں مگر میرے بارے میں آپ کے comments دیکھ کر میں کہنا چاہتا ہوں کہ میں ان سے زیادہ بہتر perform کر رہا ہوں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ لوگ ایک دوسرے کو convince کریں کہ نمبر ایک، نمبر دو۔

**Senator Kamran Murtaza**

سینیٹر کامران مرتضیٰ: جناب ڈپٹی چیئرمین! میرا سوال یہ ہے کہ یہ بات تو طے ہو گئی کہ ہم ان 20 ممالک میں شامل ہیں جن کے بارے میں observations لگائی گئی ہیں۔ اگلا سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ یہ report کب آئی تھی اور پھر کب public کی گئی اور کس کے pressure کی وجہ سے public کی گئی اور دبائی گئی تو کیوں دبائی گئی؟ یہ میرا دوسرا سوال ہے اور انہوں نے کہا کہ civil servants کے لیے assets کو public کرنا mandatory کر دیا گیا ہے، وہ تو پہلے بھی mandatory تھا۔ جتنے بھی civil servants تھے ان کو اپنے assets public کرنے ہوتے تھے اور procurements کی بات ہے، بہت بڑی leakage procurements میں ہے۔ ان دو سالوں میں procurement کے اندر جو leakage روکی ہے اس کی کوئی percentage تو ہو گی۔ اس کی کوئی study بھی انہوں نے کرائی ہو گی کہ اس government کے دوران ان دو سالوں میں کس طرح سے اس میں بہتری لائے ہیں۔ اس کا

جو percentage ہو گا وہ بھی ایوان کے ساتھ share کریں تو مہربانی ہو گی۔ میرا خیال ہے کہ یہ اتنا اہم subject ہے کہ یہاں دو منٹ میں اسے talk down نہیں کر سکتے۔ اس کو کسی نہ کسی committee میں examine کرنے کے لیے ضرور بھیجیں۔

جناب ڈپٹی چیئر مین: میرے خیال میں باقی سوالات بھی لیتے ہیں پھر آخر میں منسٹر صاحب جواب دیں گے۔ ڈاکٹر ہمایوں مہمند صاحب، چلیں شکریہ۔ جی عبدالقادر صاحب۔

**Senator Mohammad Abdul Qadir**

سینیٹر محمد عبدالقادر: جناب ڈپٹی چیئر مین! بہت شکریہ۔ منسٹر صاحب نے اس پر کافی مفصل جواب دیا ہے اور جیسا انہوں نے کہا ہے کہ یہ جو report ہے یہ صرف پچھلے ایک دو سال کی نہیں ہے۔ یہ کافی دہائیوں سے جو problems چلے آرہے ہیں اس پر یہ report آئی ہے اور IMF نے اس کا صحیح X-Ray کیا ہے۔ ہماری governance problems کو کافی بہتر طریقے سے انہوں نے بالکل علیحدہ علیحدہ کرکے ہمیں بتانے کی کوشش کی ہے۔ میری اس میں رائے یہ ہے کہ کافی سارے points اس کے اوپر discuss ہو سکتے ہیں لیکن briefly میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ ہمارے ملک میں جو ministries یا organizations جن کے heads لگائے جاتے ہیں۔ وہ ایک general cadre ہے، PAS, previously اس کو ہم DMG کہتے تھے۔ اب ایسے officers کو ایسی technical organizations کا head لگا دیا جاتا ہے جنہوں نے پچھلے 25 یا 20 یا 30 سال میں کبھی بھی اس organization میں کام نہیں کیا ہوتا ہے۔ میں Finance Minister سے جو یہاں موجود ہیں، میں ان کو اس floor یہ رائے ضرور دینا چاہتا ہوں کہ آپ کے finance department میں، FBR میں، آپ کے technical departments میں کم سے کم petroleum میں وہ لوگ لگائے جائیں۔ جس طرح FBR نے 16 ہزار ارب روپے اکٹھے کرنے ہیں، وہ بندے لگائے جائیں جنہوں نے چار پانچ سال کم سے کم وہاں پر کام کیا ہو۔ جیسے petroleum ministry ہے 20 سے 30 ارب ڈالر کی سال کی پٹرولیم کی transaction ہے وہاں پر ہم ایک ایسے آدمی کو لے آتے ہیں جنہوں نے زندگی میں پہلی دفعہ petroleum ministry میں کام شروع کیا ہوتا ہے۔

Power Department ہے اس میں 2200 ارب کا سالانہ circular debt ہے۔اب پچھلے 10 سالوں سے حکومتیں ،ہر حکومت کہتی رہی کہ clean energy پر جائیں، solar energy پر جائیں۔آج جو ہے ہمیں کہا جارہا ہے کہ solar energy کو آپ curb کریں ۔ اس کو discourage کیا جا رہا ہے۔ایک تو میری یہ رائے ہے کہ اس کے اوپر پورے ملک کے جو relevant forums ہیں وہاں پر یہ گفتگو ہونی چاہیے کہ جو ہمارے technical departments ہیں، اس کے لوگ technical heads لگائے جائیں تاکہ ان کو معلوم ہو کہ power میں کیا ہو رہا ہے، ان کو معلوم ہو petroleum میں کیا ہو رہا ہے، ان کو معلوم ہو FBR میں کیا ہو رہا ہے۔یہ shortfall کی باتیں، یہ چیزیں نہ ہوں۔اب IMF بھی کہتا ہے، ہمارا ملک بھی ہمیں کہتا ہے یا ہماری ضرورت ہے کہ tax کو بڑھائیں، جو tax-to-GDP ratio ہے اس کو آپ بڑھائیں۔لیکن اس سے ہو کیا رہا ہے؟جو لوگ tax net میں ہیں ان ہی کی گردن مروڑی جارہی ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ جی۔

سینیٹر محمد عبدالقادر: جناب ڈپٹی چیئرمین! دو منٹ بات کرنے دیں۔دو منٹ ہوئے ہیں اچھاتو میں یہ کہتا ہوں کہ tax کی amount کو بڑھانے کے لیے ہم tax base کو بڑھائیں، implementation کو بڑھائیں۔جو customs کے اندر problem ہے یا borders میں problem ہے، جو smuggling ہو رہی ہے، ان کو روکا جائے۔بجائے اس کے کہ tax 50% کرکے اور لوگوں کو، industry کو بھی discourage کریں، businessman کو discourage کریں، businessman اپنا پیسہ باہر لے جائے۔ہم باہر سے پیسہ لانے کی بات کر رہے ہیں ان کو ہم incentive دے رہے ہیں۔ SIFC نے کہا ہم 60 ارب ڈالر لائیں گے، پھر کہا 30 ارب لائیں گے، اب ڈیڑھ دو ارب پر target آ گیا ہے لیکن وہ اسی لیے نہیں آ رہا کل SIFC نے بھی یہ مانا ہے کہ high tax rates ہیں۔پھر جو tax department والے ہیں جو لوگوں کو notices بھیجتے ہیں اور اس کے بعد ان کی unreasonable demands ہیں، اس کو ٹھیک کرنے کی ضرورت ہے۔

دوسرا میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ اس report نے بھی کہا ہے، دنیا بھی کہتی ہے کہ corruption جو ہے existential threat ہے یعنی ہماری existence کو اس corruption سے threat ہے۔ Corruption کو بند کرنے کے لیے ہمیں reward اور punishment کا نظام effective بنانا پڑے گا۔ اگر آپ کسی آدمی کو کہتے ہیں کہ سوا ارب روپے سالانہ آپ نے خرچنے ہیں یعنی آپ کی discretion ہے۔ اگر آپ Chairman NHA کو یہ کہتے ہیں، اگر آپ کسی اور Petroleum Secretary بیٹھا ہوا ہے، اس نے 10 billion dollars کی imports کرنی ہیں۔ آپ اس کو 10 لاکھ روپے مہینہ دیتے ہیں۔ میرے کہنے کا مقصد ہے کہ یہ چیزیں آپس میں match نہیں کرتیں۔

Private Sector میں لوگ تین تین کروڑ روپے دے رہے ہیں۔ اگر آپ نے اس ملک کو corruption سے چھڑانا ہے تو proportionate payment لوگوں کو کرنی ہوگی۔ جو لوگ achieve کریں ان کو reward دینا ہوگا اور جو لوگ پھر بھی corruption کریں ان کو punish کرنا ہوگا۔ اللہ تعالیٰ کا بھی نظام ہے stick and carrot کا heaven and hell کا concept اللہ کا نظام ہے۔ ہم اگر لوگوں کو uniform طریقے سے چلانا چاہیں گے کہ مہنگائی کا عالم یہ ہے کہ آپ خود اندازہ لگا سکتے ہیں کہ سکولوں کی فیسیں کہاں ہیں، ہسپتال کے خرچے کہاں ہیں، گاڑی کا خرچہ کہاں ہے، پٹرول کی قیمت کہاں ہے۔ اس میں اگر آپ کسی آدمی کو کہیں کہ سال کا دس ارب ڈالر کا اختیار آپ کے پاس ہے یا اس کی team کو اور آپ اس کو پانچ یا دس لاکھ مہینہ دیں۔ یہ کبھی بھی نہیں چلے گا۔ ہم بے شک لوگوں کے سر قلم بھی کر دیں تو یہ corruption پاکستان سے اس دن تک ختم نہیں ہو سکتی ہے جب تک آپ proper reward and punishment کا نظام شروع نہیں کریں گے۔ (جاری۔۔۔T09)

**T09-01Dec2025 FAZAL/ED: Shakeel 06:00 pm**

سینیٹر محمد عبدالقادر: (جاری ہے۔۔۔۔) جب تک آپ proper reward and punishment کا نظام شروع نہیں کریں گے۔ 2015 سے۔۔۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ۔

سینیٹر محمد عبدالقادر: جناب چیئرمین! دو منٹ صبر کر لیں۔ 2015 سے یہاں LNG گیس آ رہی ہے۔ پورے پاکستان میں صرف دوsuppliers کام کرتے ہیں۔اس لیے کہ باقی کسی کو آنے نہیں دیا جاتا۔اربوں روپے کی گیس کی purchase صرف دو suppliers کرتے ہیں۔ کوئی اور آئے تو اس کے ٹینڈر کو ایسے توڑ مروڑ کر اس کی bid bond کی guarantees cash کر دی جاتی ہیں کہ دوسرا international bidder آتا ہی نہیں ہے۔اس طرح کے 10 اور issues ہیں جو صرف اور صرف کرپشن کی نظر ہیں اور وہ اسی لیے ہیں کہ جب billions of rupees کے contracts and transaction ہم ان لوگوں سے کراتے ہیں۔ نمبر ایک۔ یاان کا تجربہ نہیں ہے۔ نمبر دو۔ انہوں نے کبھی اس field میں کام نہیں کیا ہے۔ نمبر تین۔ اگر ان کو آپ لے بھی آتے ہیں تو ان کے پاس جو resources یعنی technical staff ہے وہ نہیں ہے۔اور پھر اس پر سونے پر سہاگہ یہ ہے کہ ہم ان کو تنخواہ دیتے ہیں 5 لاکھ، 10 لاکھ، 2 لاکھ، کام ان سے ہم کراتے ہیں ہزاروں ارب کااور کئی سو ارب کا۔ تو جب تک آپ، یہ IMF کی رپورٹ نے detectionضرور کی ہے، solution کوئی نہیں دیا۔وہ ضرور یہ کہتے ہیں کہ آپ کے ٹیکس میں بھی نقص ہے، آپ کے فلاں چیز میں بھی نقص ہے، آپ فلاں چیز میں بھی NAB FIA سے بات نہیں کرتی ہے، FIA جو ہے Anticorruption کے ساتھ نہیں ہے۔ بھئی، آپ لوگوں کی گردنیں بھی اتار دیں تو کرپشن کم نہیں ہوگی کیونکہ مہنگائی آسمان پر ہے۔ لوگوں کی Official تنخواہ بالکل کم ہے۔ تو وہ لوگ رک نہیں سکتے۔آپ نے reward and punishment کا proper system implement کرنا ہوگا۔آپ نے اس کے بعد جو لوگ پھر بھی کرپشن کریں گے ان کو سزائیں دینی ہوں گی، تب جا کر یہ ملک ترقی کرے گا۔Otherwise بالکل اس رپورٹ میں ٹھیک ہے کہ ہمارا existential threat یہ کرپشن ہے اور یہ اسی طرح ملک کو دیمک کی طرح کھاتی رہے گی اور دن بدن ہم نیچے جاتے رہیں گے۔.Thank you

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی، سینیٹر جام سیف اللہ خان صاحب۔

**Senator Jam Saifullah Khan**

سینیٹر جام سیف اللہ خان: جی بہت بہت شکریہ۔ جناب چیئرمین! میں سمجھتا ہوں کہ بڑی اچھی suggestionsآئی ہیں۔ منسٹر صاحب نے بھی تفصیلاً بتایا اور میں سمجھتا ہوں کہ عبدالقادر صاحب نے بھی بڑی اچھی تجاویز دی ہیں۔ جناب چیئرمین! main

چیز جو کافی عرصے سے جو ہم لوگ اس پر کرپشن کے حوالے سے اور انکم ٹیکس جو scope بڑھانا چاہتے ہیں اور یہ unfortunatelyاس پر کافی عرصے سے دیکھ رہے ہیں کہ FBR میں کوئی اتنی کامیابی نہیں ہوئی۔ منسٹر صاحب نے کافی دفعہ تقریر میں یہ بھی، کیونکہ main جو ہمارا tradeکا طبقہ ہے، جو تاجر ہیں، تو وہ کافی کسی نہ کسی بہانے سے، کسی نہ کسی پارٹی کی مدد سے وہ tax net میں آنے سے avoid کرتے ہیں۔تو انہوں نے کافی دفعہ یہ کہا ہے کہ ہم اس کو ساری اس کی FBR کو digitalize کریں گے۔ جو Tax collect کرنے کا طریقہ ہوتا ہے، اس کو digitalize کریں گے۔ میں نے انڈیا میں کافی چیزیں دیکھی ہیں خاص طور سے یہ جو e-commerce ہے یا e-payment کا جو طریقہ ہوتا ہے۔ اس میں اگر آپ انڈیا میں دیکھیں تو ایک چھوٹا سا جو ٹھیلا ہے کوئی تو وہاں پر بھی انہوں نے وہ electric QR code لگائے ہوئے ہیں۔ کوئی چائے کی دکان ہے، چائے پر بھی اس میں QR codes لگے ہوئے ہیں۔تو یہ ہمارے پاس جو cash economy ہے تو یہ کافی دفعہ منسٹر صاحب نے بھی کہا ہے کہ ہم اس کو ختم کرنا چاہتے ہیں۔ تو اگر انڈیا کر سکتا ہے تو ہم کیوں نہیں کر سکتے؟ اور میں سمجھتا ہوں کہ اس میں سارا effort جانا چاہیے کہ اس میں ہم اس کو digitalize کریں اور اس میں یہ cash paymentکا جو طریقہ ہوتا ہے اس کو جتنا بھی اس کو discourageکریں، وہ کرنا چاہیے۔ میں سمجھتا ہوں کہ انڈیا، بنگلہ دیش اور سری لنکا میں ہر چیز سے paymentکا جو دار و مدار ہوتا ہے وہ یا Appسے ہوتا ہے یا الیکٹرانک طریقے سے ہوتا ہے یا QR Code طریقے سے ہوتا ہے۔تو میں اس میں منسٹر صاحب کو کہوں گا کہ اس میں جو تھوڑا serious effortڈال کر یہ کریں۔ اس سے پتہ بھی چل جائے گا، جو خامی ہےاور جو چوری ہوتی ہے اس کا بھی پتہ چل جائے گا۔ایک recordپر black and white میں ہر چیز آ جائے گی۔ تو میں سمجھتا ہوں کہ سب سے زیادہ زور اس پر دینا چاہیے۔بہت بہت شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی، منسٹر اورنگزیب صاحب۔

**<u>Senator Muhammad Aurangzeb, Minister for Finance and Revenue</u>**

سینیٹر محمد اورنگزیب (وزیر برائے خزانہ و اقتصادی امور): جناب چیئرمین! ابھی جو باتیں ہوئی ہیں۔ ان میں پہلے سینیٹر کامران مرتضی صاحب نے دو تین باتیں کی ہیں۔ایک تو I would again say کہ جتنی بھی ان کی recommendationsآئی ہیں۔ جو

اس ساری رپورٹ کا لب لباب ہے، in terms of structural deficiencies اس پر جو ایکشن پلان ہے وہ سب کے ساتھ share کیا جائے گا and we would look forward جو بھی آپ کا اس میں feedbackہوگا۔

دوسرا کامران مرتضی صاحب! آپ نے ذکر کیا کہ timing of the report. دیکھیںا میں پرائیویٹ سیکٹر سے آیا ہوں۔ پرائیویٹ سیکٹر میں بھی جب کوئی رپورٹ آتی ہے اور report issue کی جاتی ہے، اس کو پھر مختلف department میں circulate کیا جاتا ہے۔ ان departments کا پھر پورا feedbackآتا ہے۔ جب وہ feedback آجاتا ہے، کچھ points incorporateکیے جاتے ہیں، کچھ reject کیے جاتے ہیں۔ اس میں time لگتا ہے۔ اس میں دو اڑھائی مہینے کا گزرنا پرائیویٹ سیکٹر میں بھی ایسا ہی ہوتا ہے۔ تو یہ میں نے جیسے ذکر کیا100 meetings ہوئی تھیں، 30 اس میں entities involved تھیں، وہ رپورٹ جب ہمارے پاس آئی ان کو circulate کیا گیا۔ سارے comments واپس آئے۔ واپس وہ دوبارہ discuss ہوا with the fund اور اس کے بعد یہ رپورٹ publish کی گئی۔ تو اس میں کوئی ایسی چیز نہیں، جو چیز ہم نے initiate کی ہے، ہم نے facilitate کی ہے، اس رپورٹ کو ہم کیوں نہیں publish کرنا چاہیں گے؟ I don't get the logic of that کہ جی ہم رپورٹ publish نہیں کرنا چاہتے تھے، لیکن میں نے بتایا کہ ایک process ہے۔

باقی جو آپ نے procurement کی بات کی ہے، آپ کے ساتھ ہم بڑی detail میں share کریں گے کہ پچھلے سال، ڈیڑھ سال میں procurement e-pads پر جانے سے، میں نے ابھی کچھ statistics آپ کو دے دی ہیں۔ یہ جب جائے گا اس کو digital کیا جائے گا، جیسے ابھی سینیٹر جام سیف اللہ صاحب نے بھی بات کی ہے۔ Digital is a means to an end, it's not an end in itself, it's faster, cheaper, better, more transparent اور اس میں جو leakage اور corruption کا جو سسٹم ہے، جتنا آپ human intervention نکالتے جائیں گے، اتنا ہی کرپشن کا element اس میں کم ہوتا جائے گا in terms of end-to-end process یہ بھی ہم آپ کے ساتھshare کریں گے۔

جو سینیٹر عبدالقادر صاحب نے باتیں کی ہیں۔ میں ان کے ساتھ کافی حد تک agree کرتا ہوں کیونکہ انہوں نے governance کے points raise کیے ہیں کہ جو technical Ministries ہیں، وہاں ہمیں subject matter experts لانے چاہئیں۔ And I agree with you کہ وہاں یہ ہونا چاہیے۔اسی طرح جو آپ نے remuneration کی بات کی ہے، اس کو بھی دیکھنا چاہیے، where people are responsible for a lot more than what they get in return. سینیٹر صاحب! احسن اقبال صاحب کی سربراہی میں ایک Civil Service Reforms Committee ہے۔ آپ کی یہ جو دونوں باتیں ہیں، یہ اس کمیٹی میں چونکہ میں خود بھی اس کا member ہوں، تو ہم اس میں لے جائیں گے because آپ کی دونوں باتوں میں بالکل وزن ہے۔باقی تو آپ نے wide ranging discussion کی ہے، inflation کی بات کی ہےاور tax کی بات کی ہے۔

جناب چیئرمین! میں نے اور جو ابھی سینیٹر جام سیف اللہ صاحب نے بھی بات کی ہے around the digital journey تو میں یہ کہنا چاہوں گا کہ جب بھی یہ House ready ہو، صرف committees کی بات نہیں ہے، جب بھی یہ ہاؤس تیار ہو، تو I would want کہ ایک تو چیئرمین FBR آئیں اور یہاں presentation دیں in terms of the people process technology transformation کیونکہ اگر ہم نے یہ embassies کو دی ہے، ہم نے پچھلے ہفتے Pakistan Business Council کو دی ہے، ہم نے Overseas Chamber کو دی ہے، ہم نے under World Bank یہ ہم نے Washington میں دی ہے۔اور جناب چیئرمین! یہ میں آپ کو بتاؤں کہ وہاں جب اکتوبر میں یہ presentation دی گئی، تو Egyptian Finance Minister walked up to me and said کہ جی یہ چیز ہمیں کرنی چاہیے۔ جناب چیئرمین! اور دوسری چیز میں یہ بھی کہوں گا کہ ایک تو tax والا جو جام سیف اللہ صاحب نے بات کی ہے بالکل درست بات کی ہے۔اس میں چونکہ Prime Minister Sahib خود یہ leadership لے رہے ہیں in terms of Cashless Pakistan and Digital Pakistan تو اس میں جو progress ہوئی ہے اور جو اس وقت KPIs ہیں کہ دسمبر ۲۰۲۵ میں ہم کہاں ہوں گے، جون ۲۰۲۶ میں کہاں ہوں گے اور دسمبر ۲۰۲۶ میں کہاں ہوں گے؟ جناب چیئرمین! وہ بھی

میری درخواست ہے آپ کے توسط سے کہ ہاؤس جب بھی ہمیں کہے گا تو اس میں بھی ہم detailed presentation دیں گے because he is absolutely right that this is the only way forward. Thank you, Sir.

جناب ڈپٹی چیئرمین: تحریک پر بحث مکمل ہو چکی ہے۔ Order No. 49 سینیٹر طلحہ محمود صاحب پیش کریں۔

(جاری ہے۔۔۔۔T10)

T10-01Dec2025 Rafaqat Waheed/Ed: Mubashir 6:10 pm

جناب ڈپٹی چیئرمین: آرڈر نمبر ۴۹ سینیٹر طلحہ محمود صاحب پیش کریں۔

**Motion under Rule 218 moved by Senator Muhammad Talha Mehmood regarding resumption of flights to and from the Chitral airport**

Senator Muhammad Talha Mehmood: I move that the House may discuss the need for resumption of flights to and from the Chitral airport.

جناب ڈپٹی چیئرمین: اس کے لیے کوئی منسٹر ہے جو جواب دے سکے؟ ڈاکٹر طارق فضل چوہدری صاحب۔ پہلے طلحہ صاحب بات کرلیں۔

**Senator Muhammad Talha Mehmood**

سینیٹر محمد طلحہ محمود: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب! میں اس سلسلے میں یہی عرض کرنا چاہوں گا کہ چترال کے اندر جو communication ہے یا وہاں پر جانے کے جو راستے ہیں، وہ by road صرف ایک tunnel ہے، جس کے ذریعے آپ جا سکتے ہیں۔ وہ لواری ٹنل ہے۔ دوسرا راستہ شندور کا ہے۔ جب برف باری ہوتی ہے تو اس وجہ سے وہ علاقہ بند ہو جاتا ہے۔ اس کے نتیجے میں آپ گلگت کی طرف سے چترال میں داخل نہیں ہو سکتے۔ لہٰذا، چترال جانے کا صرف ایک ہی راستہ ہے اور وہ لواری ٹنل ہے۔ اب اگر لواری ٹنل کے راستے میں کوئی problem آجاتا ہے تو پھر چترال پورے پاکستان سے کٹ جاتا ہے۔

چترال میں ایک ایئرپورٹ ہے جہاں پر flights چلتی تھیں۔ کافی عرصے سے بلکہ سالہا سال سے وہاں پر PIA نے flights بند کی ہوئی ہیں۔ گو کہ flights بند ہیں لیکن وہاں پر کروڑوں روپے خرچ کیے جا رہے ہیں۔ وہاں پر عملہ بھی ہے، وہاں پر ایئرپورٹ کا ایک پورا نظام ہے لیکن وہاں پر ایک بھی flight operate نہیں کر رہی۔ اس علاقے کو بالکل نظرانداز اور ignore کیا جا رہا ہے۔ اب یہ ignorance

کیوں ہے، میں اس بارے میں زیادہ بات نہیں کرنا چاہتا۔ شاید یہ وجہ ہو کہ دور دراز علاقہ ہے، وہاں کے بارے میں زیادہ معلومات نہیں ہیں، یہاں پر information نہیں پہنچتی۔ میرے خیال میں ان وجوہات کے باعث اس علاقے کو نظر انداز نہیں کیا جانا چاہیے۔ لہٰذا، میری ہاؤس سے پرزور گزارش ہوگی کہ اس flight کو فوری طور پر بحال کیا جائے۔

ایک چیز ہمیشہ یاد رکھنی چاہیے کہ کچھ علاقے ایسے ہوتے ہیں جن میں profit کے لیے flights کا انتظام نہیں کیا جاتا، presentation کے لیے کیا جاتا ہے، علاقے کے لوگوں کی سہولت کے لیے کیا جاتا ہے۔ اگر وہاں پر بھی آپ منافع کو پیش نظر رکھیں گے تو اس سے پاکستان کے بہت سارے علاقے نظر انداز ہو جائیں گے۔ دنیا کے اندر یہ طریقہ کار ہے۔ وہاں پر اکثر ذکر ہوتا ہے انٹرنیٹ کے حوالے سے۔ وہاں پر انٹرنیٹ کیوں کمزور ہے؟ وہاں پر ایک فنڈ ہے جس کو یونیورسل سروس فنڈ (USF) کہا جاتا ہے، ایسے علاقے جن میں income نہیں ہوسکتی، وہاں پر USF کے ذریعے facilities دی جاتی ہیں لیکن یہاں اس حوالے سے بھی کوئی facility نہیں دی گئی۔ میری آپ سے گزارش ہوگی، میں اس حوالے سے تھوڑی سی اور بھی بات کرنا چاہتا ہوں۔ اگر آپ مجھے اجازت دیں تو میں ابھی وہ ساری بات بھی کردوں لیکن اس motion سے اس کا تعلق نہیں بنتا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ motion پر بات کریں۔

سینیٹر محمد طلحہ محمود: وہ چترال سے ہی متعلق ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: وہ پھر next میں کرلیں۔

سینیٹر محمد طلحہ محمود: اس کے بعد مجھے اگر point of order پر موقع دیں تو میں دو تین منٹ لوں گا لیکن وہ اس سے ہٹ کر بات ہے۔ ابھی میں صرف یہ بات کرنا چاہوں گا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: ابھی بات نہیں کرسکتے۔ یہ آپ کو بھی پتا ہے، آپ senior parliamentarian ہیں۔ آپ اسی motion پر بات کرسکتے ہیں۔

سینیٹر محمد طلحہ محمود: میں اسی کی بات کر رہا ہوں کہ اس flight کو فوری طور پر reinstate کیا جائے۔ یہ جواب سننے کے بعد اگر آپ مجھے صرف دو منٹ کا time دیں گے تو میں آپ کے knowledge میں بہت important چیز لانا چاہتا ہوں جو اس ہاؤس سے ہی متعلقہ ہے۔ بہت شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: اس کے علاوہ اگر کوئی بولنا چاہے ؟ جی سینٹر فلک ناز صاحبہ ! آپ چترال کے حوالے سے ضرور بات کریں۔

**Senator Falak Naz**

سینیٹر فلک ناز: جناب ! میں اپنے بھائی سینیٹر طلحہ محمود صاحب کا شکریہ ادا کرتی ہوں کہ چترال کی flights کے حوالے سے انہوں نے بات کی۔ یہ ایک بڑا گھمبیر issue ہے۔ پچھلے ساڑھے چار سالوں سے میں ایوان میں اس issue پر آواز اٹھاتی رہی ہوں۔ متعلقہ منسٹر سے بھی میری بات ہوئی تھی اور PIA کے حکام سے اور چیف ایگزیکٹو سے میری میٹنگ بھی ہوئی تھی۔ انہوں نے مجھے کہا تھا کہ ہفتے میں ایک flight ضرور چترال کی ہوگی۔ ابھی تو سردیاں شروع ہو گئی ہیں۔ آپ کو پتا ہے کہ وہاں پر tourists اپریل کے مہینے سے لے کر نومبر تک آتے ہیں۔ انہی دنوں میں وہاں پر flights دستیاب نہیں تھیں۔ جب میں نے یہاں پر منسٹر صاحب سے پوچھا تو انہوں نے مجھے کہا کہ ATR کی ایک ہی flight ہے جو کہ تربت اور سکردو جاتی ہے۔ وہ پھر late ہو جاتی ہے، پھر چترال کو flight نہیں جا سکتی۔ انہوں نے مجھے یہی جواب دیا تھا۔ ابھی میرے خیال میں ان کے پاس یہی بہانہ ہے، دن بھی کافی چھوٹے ہیں، flight بھی نہیں ہو سکتی ہے۔

میں اپنے بھائی طلحہ صاحب کو بتانا چاہتی ہوں کہ یہ لوگ اس issue کو کسی صورت میں بھی حل نہیں کریں گے کیونکہ ساڑھے چار سالوں میں اس flight کے issue پر میں نے کافی بات کی، کمیٹی میں بھی میں نے بات کی۔ اس کے علاوہ جو انٹرنیٹ کا issue ہے، اس پر بھی میں نے کافی بات کی۔ اس کے علاوہ ہمارے چترال کے roads جو کہ NHA کے تحت آتے ہیں، ان کو انہوں نے اکھاڑ کر رکھ دیا ہے۔ اس issue پر بھی میں نے بات کی۔ ہمارے چترال کو انہوں نے مسلسل نظرانداز کیا ہے۔ میں اپنے بھائی طلحہ محمود صاحب کا شکریہ ادا کرتی ہوں کہ یہ چترال کے لیے آواز اٹھا رہے ہیں۔ میں دل کی گہرائیوں سے ان کا شکریہ ادا کرتی ہوں۔ یہ آواز جو ہم دونوں اٹھا رہے ہیں تو یہ لوگ ایک کان سے سنتے ہیں اور دوسرے کان سے نکال دیتے ہیں لیکن اس پر کوئی عمل یہ لوگ نہیں کر رہے ہیں۔

چیئرمین صاحب! مہربانی کرکے اس issue کو کمیٹی میں بھیج دیں تاکہ ہم اس کو کمیٹی میں discuss کریں۔ بہر حال مجھے نہیں لگتا کہ کمیٹی میں جانے کے بعد بھی اس پر کوئی عمل ہو کیونکہ چترال کو انہوں نے نظر انداز کیا ہوا ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: سینیٹر بلال مندوخیل صاحب۔

**Senator Bilal Ahmed Khan**

سینیٹر بلال احمد خان: جناب چیئرمین! شکریہ۔ جس طرح میرے معزز ساتھی طلحہ محمود صاحب نے چترال میں خاص طور پر flights کے حوالے سے کمیٹی بنانے کی بات کی تو یہ مطالبہ صرف چترال کا نہیں ہے۔ یہ مطالبہ میں پچھلے کئی sessions میں اپنے کوئٹہ اور بلوچستان کے حوالے سے کئی مرتبہ کرچکا ہوں۔ جس طرح چترال ایک شہر ہے یا ایک علاقہ ہے، میرے کوئٹہ یا بلوچستان کو بھی نظرانداز کیا گیا ہے۔ اگر آپ دیکھیں تو ہمارے پورے صوبے کو نظر انداز کیا گیا ہے۔ اگر آپ flights کے حوالے سے دیکھیں تو کوئٹہ شہر کے لیے نہ Serene Airline چلتی ہے، نہ وہاں Air Sial چلتی ہے، نہ وہاں Air Blue چلتی ہے۔ وہاں اگر چلتی ہے تو صرف PIA یا پھر Fly Jinnah جو کہ پرائیویٹ سیکٹر کی ایک کمپنی ہے، اس کے جہاز چلتے ہیں۔ اگر آپ ان جہازوں کے fares دیکھیں، یہ بات میں بارہا کرچکا ہوں اور آج پھر کروں گا، پچاس ہزار روپے سے لے کر ایک لاکھ روپے تک کے one way tickets ہوتے ہیں۔ مجھے یہ بتایا جائے کہ کون سی آفت آ گئی ہے، کون سا آسمان گر گیا ہے کہ ہمارے کوئٹہ سے کراچی اور کوئٹہ سے اسلام آباد کے fares ایک لاکھ روپے تک بھی ریکارڈ کیے گئے ہیں۔ مجھے سمجھ نہیں آتی کہ ایک لاکھ روپے کیوں لیے جارہے ہیں۔

کیا ہمیں یہ بتایا جاسکتا ہے کہ جس شخص نے آج سے بیس دن پہلے ٹکٹ لیا ہے، اسے پچیس ہزار روپے میں ٹکٹ دیا جارہا ہے جبکہ جو دو دن پہلے ٹکٹ لیتا ہے، اس سے ایک لاکھ روپے charge کیے جاتے ہیں۔ ایسا کیوں ہے اور اس کی کیا وجہ ہے؟ کیا یہ justification دے سکتے ہیں کہ اس کی کیا وجوہات ہیں؟ کیا ہمیں یہ بتایا جاسکتا ہے کہ یہ ایک لاکھ روپے کیوں charge کیے جاتے ہیں جبکہ ہمارے لوگوں کو وہاں offload بھی کیا جاتا ہے اور ہمارے لوگوں کو نظرانداز کیا جاتا ہے۔ یہ جن باقی کمپنیوں کے میں نے نام لیے ہیں جس میں Air Blue ہے، Air Sial ہے، Serene ہے، ان کے operations کیوں نہیں ہیں۔ ان کی flights کوئٹہ سے کراچی، کوئٹہ سے اسلام آباد، کوئٹہ سے لاہور، کوئٹہ سے پشاور یا ملک کے دیگر شہروں سے connect کیوں نہیں ہورہی ہیں؟ انہیں licenses دیتے وقت کیا یہ چیزیں اس میں شامل

نہیں کہ وہ پہلے domestic routes کو complete کریں گے اور پھر international routes پر جائیں گے۔ جب انہیں international route کا license ملتا ہے تو وہ domestic route کو چھوڑ دیتے ہیں۔ وہ پھر بین الاقوامی routes پر تو profit کماتے ہیں لیکن ہمارے اپنے ملک کے لوگوں کو نظرانداز کر دیتے ہیں۔ میں خاص طور پر بلوچستان کی اور کوئٹہ کی بات کروں گا کہ وہ ہمیں نظرانداز کرتے ہیں۔ کیا وجوہات ہیں؟

کیا ہماری سول ایوی ایشن اتھارٹی ان جیسی کمپنیوں کو پابند نہیں کرتی؟ کیا ان پر کوئی penalty نہیں لگتی؟ کیا ان پر کوئی جرمانہ نہیں لگتا کیونکہ وہ بلوچستان اور کوئٹہ کو connectivity نہیں دیتے؟ وہ بلوچستان کو باقی ملک سے disconnect کیوں رکھتے ہیں؟ دو کمپنیاں جس میں ہماری ایک پاکستانی ایئر لائن ہے اور دوسری فلائی جناح ہے، ان کو یہ موقع دیا گیا ہے کہ tickets کے حوالے سے وہ اپنے مرضی کے rates رکھیں۔ آپ نے بھی دیکھا ہوگا، آپ نے بھی شاید خریدا ہوگا، میں نے خود وہ charges pay کیے ہیں۔ (T11 پر جاری ہے)

T11-01Dec2025 Naeem Bhatti/ED: Khalid 6:20 pm

سینیٹر بلال احمد خان: (جاری۔۔۔۔) میں نے خود وہ charges pay کیے ہیں جو کہ عام شہری pay کرتے ہوئے شاید دس مرتبہ سوچے گا۔ اس وقت بلوچستان میں حالات کی وجہ سے اس کی ملک کے دیگر صوبوں، پنجاب، سندھ کے ساتھ by road connectivity بہت مشکل ہے۔ بلوچستان سے تعلق رکھنے والے طالبعلم بچے اور بچیاں، بلوچستان سے تعلق رکھنے والے وہ مریض جو byroad سفر نہیں کر سکتے، جن مریضوں کا by air جانا مجبوری ہے، ان کے already صحت کے مسائل ہوتے ہیں اور اس کے علاوہ financial problems علیحدہ سے آجاتے ہیں۔ میں تین، چار مرتبہ پہلے بھی عرض کر چکا ہوں کہ اس کو کمیٹی میں بھیج دیں۔ اگر اب طلحہ صاحب کے معاملے پر جو کمیٹی بنائی جا رہی ہے، براہ مہربانی بلوچستان کو بھی اس کمیٹی میں شامل کر لیں، چترال اور بلوچستان کو اس کمیٹی میں شامل کریں، تمام متعلقہ محکموں کے CEOs کو بلائیں اور ان سے پوچھیں کہ ایک لاکھ روپے تک کرایہ کیوں وصول کیا جا رہا ہے؟ کیا خدانخواستہ جنگ لگ گئی ہے، کیا لوگ دوسرے ممالک میں جا رہے ہیں؟ جناب والا! میں one way ticket کے کرائے کی بات کر رہا ہوں۔ اس ایوان میں موجود بلوچستان سے تعلق رکھنے والے سینیٹرز بیٹھے ہوئے ہیں جو اس بات کی گواہی دیں گے جنہوں نے بحالت مجبوری ستر ہزار، اسی ہزار اور ایک لاکھ روپے کے ٹکٹ خریدے ہیں لیکن ہم کب تک یہ مجبوری برداشت کریں گے، یہ مجبوری کب تک ہمارے گلے میں fit رہے گی؟ کسی خاص موقع پر یہ معاملہ ہو تو ہم برداشت کر

لیں۔ انہوں نے تو اسے کاروبار ہی بنا لیا ہے، ان کو تو انہوں نے اسے system ہی بنا لیا ہے۔ اس لیے مذکورہ کمیٹی میں بلوچستان کو بھی شامل کیا جائے۔ شکریہ۔

**Senator Muhammad Abdul Qadir**

سینیٹر محمد عبدالقادر: جناب والا! Serene Air, Air Blue نے وہاں ایک ایک، دو دو سال operations کر کے بعد میں international routes لے کر وہاں کی ساری flights ختم کر دی ہیں، اب وہاں صرف Fly Jinnah جا رہی ہے اور وہ اسی، نوے ہزار روپے ایک side کا کرایہ لیتے ہیں۔ آپ کو معلوم ہے کہ بلوچستان کے routes وہ بھی safe نہیں ہیں، اکثر بند ہوتے ہیں، وہاں terrorist attacks ہوتے ہیں۔ اس کے علاوہ طرہ امتیاز یہ بھی ہے کہ اگر آپ چوبیس گھنٹے کے اندر انہیں کہتے ہیں کہ ہم نے نہیں جانا ہے یا اسے تبدیل کرنا ہے تو وہ پورا کرایہ اسے refund نہیں کیا جاتا، وہ forfeit کرتے ہیں۔ انہیں forfeit کرنے کی اجازت شاید اس وقت ہو جب ان کے جہاز کی seats خالی جائیں، وہ اپنا جہاز full کر لیتے ہیں کیونکہ flights پر اتنا pressure ہوتا ہے لیکن جو آدمی چوبیس گھنٹوں میں داخل ہو گیا، وہ اسی، نوے ہزار روپے کرائے میں سے ایک روپیا بھی واپس نہیں کرتے ہیں۔ اس طرح کی بہت ساری ناانصافیاں ہو رہی ہیں I don't know کہ کون سا محکمہ ہے جو انہیں check کرے گا کہ ان کے profits کتنے ہیں اور وہ اس پر proper tax دے رہے ہیں یا نہیں دے رہے ہیں، اس سلسلے میں انہیں کون سا rule allow کرتا ہے؟ اس لیے براہ مہربانی ہمیں بھی اس میں include کر دیا جائے۔ شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ۔ جام سیف اللہ صاحب۔

**Senator Jam Saifullah Khan**

جام سیف اللہ خان: جناب والا! پہلے Standing Committee on Aviation الگ ہوتی تھی اور یہ مسائل اس میں جاتے تھے لیکن اب کچھ عرصہ پہلے Standing Committee on Aviation کو ختم کر دیا ہے اور اسے Standing Committee on Defence کے ساتھ merge کر دیا ہے۔ میں طلحہ صاحب اور بلوچستان کے بھائیوں کو بالکل support کرتا ہوں۔ میں کوئی ایسا معاملہ نہیں اٹھانا چاہتا جس سے ان کا case کمزور ہو لیکن سندھ میں بھی یہی مسائل ہیں، سکھر کے لیے تین flights ہوتی تھیں، اب ایک ہفتے میں دو flights ہو گئی ہیں۔ میں آپ کو گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ Standing Committee on Aviation

کو بحال کریں اور ساری airlines کو پابند کریں ورنہ انہیں penalize کریں، یہ profit کے لیے باہر جا رہے ہیں۔ حکومت کی بھی یہ ذمہ داری ہوتی ہے کہ ایسے routes جو profitable نہ ہوں، ان پر اگر اسے subsidy بھی دینی پڑے تو وہ بھی اسے دینی چاہیے۔ اس لیے سب سے پہلا مطالبہ یہی ہے کہ Standing Committee on Aviation کو بحال کیا جائے۔ شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: محترمہ شیری رحمان صاحبہ۔

**Senator Sherry Rehman**

سینیٹر شیری رحمان: جناب والا! سینیٹر حضرات نے جو بات کی ہے، میں اسے support کرنا چاہتی ہوں۔ میں خاص طور پر کہہ رہی ہوں کہ Standing Committees on Aviation and Narcotics جو ضم ہو گئی ہیں، ان کے علاوہ بھی ایک دو کمیٹیاں ہیں کیونکہ ان کی وزارتیں ضم ہو گئی ہیں۔ یہ بڑے بڑے Divisions ہیں، ان پر اب کون جواب دے گا۔ اس سلسلے میں چیئرمین صاحب سے بھی بات ہوئی، آپ کے توسط سے بھی بات کرنا چاہتے ہیں کہ بہت سارے ممالک میں committees stand کر رہی ہیں، they are standing on the Divisions to make the Divisions accountable, that is why it is called Standing Committee. Now nothing is standing on Aviation, nothing is standing on Narcotics, nothing is standing on any other committees جو ضم ہوئی ہیں۔ یہ argument دیا جاتا ہے کہ وہ بڑے Division میں گئی ہیں، that is fine وہ بڑے Division میں گئی ہوں گی لیکن بہت سارے ممالک میں جب پارلیمان کی Standing Committee ایک Division پر ہوتی ہے تو وہ رہتی ہے، بے شک وہ بڑا department ہے، وہ ضم ہو گیا ہو گا اور وہ وہیں رہے، ہم نہیں کہہ رہے کہ وہ وہاں سے نکلے کیونکہ آپ rationalize کریں، وزارتیں ویسے ہی بہت زیادہ ہیں۔ Standing Committee کا مقصد یہ ہوتا ہے کہ it stands and it holds the Division to account. اس پر سپیکر قومی اسمبلی سے بھی بات ہوئی ہے، چیئرمین سینیٹ سے بھی بات ہوئی ہے، سب in agreement ہیں کہ دونوں ایوان یہ کمیٹیاں بحال کریں، they will stand on a large Division, I don’t know about Narcotics, اس کا کیا status ہے لیکن

Standing Committee on Aviation is regulating too much.

جناب ڈپٹی چیئرمین: قائد ایوان بیٹھے ہوئے ہیں، ان سے بھی پوچھ لیتے ہیں۔

سینیٹر شیری رحمان: جی وہ بھی کہہ دیں گے، ان سے بھی informally بات ہوئی ہے۔ جب Standing Committee stand کر رہی ہوتی ہے اور آپ دیکھ رہے ہیں کہ aviation میں کوئی کہاں پہنچا رہا ہے، پارلیمنٹ کو اس میں کوئی جواب دہ نہیں ہے، it cannot possibly be done, یہ monthly basis پر ملتی تھی، PIA privatize ہو رہی ہے، دوسری airlines بنتی جا رہی ہیں، کوئٹہ سے لوگ دو دو لاکھ روپے کرایہ دے کر آ رہے ہیں۔ ان پر کوئی regulation نہیں ہے، پارلیمنٹ کوئی سوال نہیں کر سکتی۔ By the time it goes through the Standing Committee on Defence to Aviation, یہ تو Aviation کے لیے بالکل غیر فعال situation ہو جاتی ہے، Defence کے اپنے بہت سارے issues ہیں۔ جہاں اتنے بڑے Divisions ہیں once they were Ministries جو وزارتوں میں گئے ہیں، آپ ان کی Standing Committees بحال کر دیں۔ میرے خیال میں تمام کا یہی مطالبہ ہے۔ .they stand on the Division. Thank you

جناب ڈپٹی چیئرمین: اس پر Leader of the House سے بھی رہنمائی لیں گے۔

**<u>Senator Mohammad Ishaq Dar (Leader of the House)</u>**

سینیٹر محمد اسحاق ڈار (قائد ایوان): شکریہ، جناب چیئرمین! میں نے sense of the House and Parliamentary Leader of Pakistan Peoples Party محترمہ شیری رحمان صاحبہ کی بات کو note کیا ہے۔ وزیر اعظم صاحب out of country ہیں، he is about to land tonight, میں کل ہی انہیں sense of the House اور ان کی جو proposal ہے، یہ مجھ سے زیادہ ان سے directly in touch بھی ہیں۔ انہوں نے کہا ہے کہ میں ایوان میں اسے raise کروں اور ایوان کی بھی support لوں، یہ تو آج message کر دیں گی اور کل ان شاء اللہ ان کے ساتھ meeting ہو گی تو میں ان کے گوش گزار کروں گا کہ sense of the House ہے، کیونکہ اب Defence and Aviation Divisions کی وزارت ایک ہو گئی ہے، *Insha Allah* I will pass on this sentiment.

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی وزیر برائے پارلیمانی امور۔

**Dr. Tariq Fazal Chaudhry (Minister for Parliamentary Affairs)**

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری (وزیر برائے پارلیمانی امور): شکریہ، جناب چیئرمین! چترال، کوئٹہ اور سکھر کی flights کے حوالے سے ایوان میں بہت سیر حاصل گفتگو ہوئی ہے اور عوام کو جو مشکلات درپیش ہیں، سینیٹر حضرات نے record کے طور پر ایوان میں وہ بتائی ہیں۔ میں اس بات سے بالکل اتفاق کرتا ہوں کہ بعض routes ایسے ہوتے ہیں جن پر صرف اس لیے flights نہیں چلائی جاتیں کہ وہاں سے کسی ادارے کو کوئی بہت زیادہ income ہو رہی ہوتی ہے بلکہ اس علاقے کے لوگوں کو ہماری national airline facilitation بھی کرتی ہے اور کرنی بھی چاہیے۔ جناب والا! چترال میں 2022 تک flights وہاں ATR موجود تھیں، وہاں اور دوسرے جہاز operate کر رہے تھے۔

(جاری۔۔۔۔۔۔T/12)

T12-1Dec2025 Abdul Razique/Ed: Shakeel 06:30 p.m.

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: (۔۔۔جاری) 2022 تک flights موجود تھیں۔ ATR بھی، وہ بھی اور جو ہمارے دوسرے جہاز ہیں، وہاں flight operations کر رہے تھے لیکن 2022 کے بعد جو passenger load تھا، اس میں بڑی تیزی سے کمی واقع ہوئی۔ اس کے ساتھ ، ساتھ ہمارے کچھ جہاز بھی ground ہوئے اور جہازوں کی shortage ہوئی۔ مثال کے طور پر ابھی اس وقت ہمارے پاس صرف دو ATR aircrafts کر رہے تھے۔ اس وجہ سے کچھ ہمارے commuting جہاز موجود ہیں جو چترال اور پاکستان کے باقی شہروں میں زیادہ shortage کی ہے۔ دوسری بات یہ کہ وہاں پر جو passenger load ہے، وہ بھی بہت کم ہے اور اسے seat factor کہتے ہیں۔ آپ دیکھیں کہ 2022 میں یہ 64 percent تھا اور 2024 میں یہ 41 per cent رہ گیا ہے۔ یہ دونوں ایسے factors تھے جس کی وجہ سے flight operations تعطل کا شکار ہوئے۔ اس کے ساتھ چونکہ PIA Airline کی privatization کی بات چل رہی ہے اور ایک attempt ہو چکی ہے لیکن وہ کامیاب نہیں ہوئی۔ ابھی دوبارہ اس کی privatization کی جا رہی ہے تو جیسے ہی ان شاءاللہ یہ عمل مکمل ہو گا اس کے بعد ظاہر ہے کہ پھر وہ اپنے نئے routes اپنی مرضی سے determine کرے گی۔ کوئٹہ flights کی جو بات ہوئی ہے، میں اس سے بالکل اتفاق کرتا ہوں کہ اس سے پہلے بھی ایوان میں یہ بات ہوئی ہے اور اس سے پہلے بھی sense of the House کو بھیجا گیا۔ جتنے Senators نے mainly اس issue پر بات کی ہے، میں انہیں یقین دلاتا ہوں کہ CEO, PIA کو ان CEO, PIA کے یہ تمام concerns ان شاءاللہ پہنچائیں گے اور اگر یہ چاہیں گے تو ان کی meeting بھی arrange کروا دیں گے۔ امید ہے ان

شاءاللہ تعالیٰ کہ ان کے جو concerns ہیں اور یقین بھی ہے کہ وہ بالکل address کریں گے۔ باقی Leader of the House and Deputy Prime Minister کے حوالے Standing Committee کے Aviation Division نے آپ کو assurance سے جو دی ہے اور یہ اگر Senate میں بھی پھر National Assembly میں ہوگا تو ان شاءاللہ ہم اس کو incorporate کر لیں گے، شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: تحریک پر بحث مکمل ہو گئی ہے۔ .Order. No. 50 جی سینیٹر شیری رحمان۔

سینیٹر شیری رحمان: Thank you, Chairman! میں population کو بہت اہمیت کا حامل سمجھتی ہوں لیکن ادھر غلطی ہوئی ہے اور وہ مجھ سے ہی ہوئی ہے کہ یہ Motion Under Rule 218 کے تحت آیا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ ہم ایسے ہی debate کریں گے اور یہ Committee میں چلی جائے گی اور میں چاہتی ہوں کہ یہ وہاں نہ جائے بلکہ House اس پر ایک Resolution بنائے۔ یہ بہت اہم معاملہ ہے اور national and provincial issue ہے۔ ہر طبقے کا، ہر صوبے کا اور ICT کا، سب کا یہ issue ہے تو میں اسے reframe کر کے as a Resolution لانا چاہتی ہوں جیسے National Assembly میں آچکا ہے۔ So I will not ask the Minister to give a statement. Thank you.

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی ٹھیک ہے۔ اسے defer کرتے ہیں۔ .Order. No. 51 سینیٹر محسن عزیز۔ وہ موجود نہیں ہیں۔ جی سینیٹر دنیش کمار۔ پہلے آپ بات کریں۔

**Point of Public Importance raised by Senator Danesh Kumar regarding visa rejection for Pakistani Nationals by Gulf States**

سینیٹر دنیش کمار: بہت شکریہ۔ Foreign Minister اسحاق ڈار صاحب چلے گئے مگر طارق فضل چوہدری صاحب بیٹھے ہوئے ہیں۔ جی دو Ministers بیٹھے ہوئے ہیں۔ طارق فضل چوہدری صاحب اور Minister for Finance مجھے امید ہے کہ میں ایک genuine مسئلے کی نشاندہی کرانا چاہ رہا ہوں۔ کافی عرصے سے یہ دیکھا گیا ہے کہ خلیجی ریاستوں نے پاکستانی شہریوں کو تقریباً visa دینا بند کر دیا ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: اورنگزیب صاحب آپ کا پیغام آیا ہے لہٰذا اگر آپ جانا چاہتے ہیں تو چلے جائیں۔ جی سینیٹر دنیش کمار۔

سینیٹر دنیش کمار: طارق فضل چوہدری صاحب، خلیجی ریاستیں جس میں Saudi Arabia, UAE اوراس طرح Omanہے، وہاں پر پاکستانیوں کو visa دینے کے لیے بہت سی مشکلات کا سامنا ہے اور اکثر دیکھا گیا ہے کہ 95 per cent visas reject کر دیے جاتے ہیں۔ مجھے حیرانگی ہے کہ جب ان خلیجی امارات کو پاکستان کی ضرورت ہوتی ہے تو وہ بھائی ممالک کی طرح گلے ملتے ہیں مگر مجھے سخت افسوس سے یہ بات کہنا پڑتی ہے کہ ہم پاکستانیوں کی اتنی تذلیل کہ ہمیں visa نہیں دیا جاتا۔ میں آپ کی توجہ Gwadarکی طرف دلانا چاہتا ہوں جس کی نصف آبادی کے رشتہ دار Omanاور Muscat میں رہتے ہیں مگر ان بیچاروں کو visa کے حصول کے لیے ہمیشہ rejection کا ٹھپا لگا دیا جاتا ہے جس کی وجہ سے وہ اپنے رشتہ داروں سے ملنے سے محروم ہیں۔ میری آپ سے یہ عرض ہے کہ پاکستان کی Foreign Ministryاس مسئلے کو بڑے level پر اٹھائے اور ان سے پوچھیں کہ بھئی پاکستانیوں کا کیا قصور ہے۔ یہاں کہتے ہیں کہ انڈیا حالانکہ انڈیا کے لوگوں کو تو دھڑا دھڑ visas دیے جارہے ہیں مگر پاکستانیوں کو نہیں۔ جب ضرورت ہوتی ہے تو کہتے ہیں کہ پاکستان امت مسلمہ کا leader ہے اور اس کے شہری ہمارے پاس آئیں مگر اصولی طور پر اسے اس طرح سے خوار کیا جاتا ہے۔ آپ مہربانی کرکے اس اہم مسئلے کو Foreign Officeکے ساتھ اٹھائیں اور ہماری وہاں پر جو Embassies ہیں، ان کے ساتھ بھی اٹھائیں۔ وہاں ہمارے Ambassadors کیا کر رہے ہیں کہ پاکستانیوں کے visa کا جو حصول ہے، اس problemکو حل نہیں کر سکتے ہیں تو میں سمجھتا ہوں کہ وہاں پر ہم اپنے Consulatesاور Embassies بھی بند کر دیں، شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ۔ جی سینیٹر محمد طلحہ محمود صاحب۔

## **Point of Order raised by Senator Muhammad Talha Mehmood regarding non-referral of various issues of Chitral to the Standing Committees concerned**

سینیٹر محمد طلحہ محمود: شکریہ، جناب چیئرمین! میں یہ بات کرنا چاہتا ہوں کہ پچھلے session میں، میں نے چترال کے roadsکے حوالے سے بات کی تھی تو چیئرمین صاحب نے اس حوالے سے کمیٹی کا کہا اور وہ شاید کمیٹی بھی بنا رہے تھے لیکن ان کے جو legal لوگ ہیں شاید ان کو بات سمجھ نہیں آئی تو میں انہیں تھوڑا سا سمجھانا چاہوں گا۔ Upper Chitral میں کوئی یونیورسٹی نہیں ہے اور جو Lower

Chitral ہے،اس میں بھی ایک چھوٹی سے یونیورسٹی ہے۔HEC کس کا subject ہے؟ Federal کا subject ہے۔جب ہم چکدرہ سے نکل کر Lowari Tunnel جاتے ہیں اور اس کے بعد چترال سے بونی، بونی سے شندور، شندور سے گلگت تو یہ کس کی روڈ ہے؟ یہ Communications Ministry کی ہے۔ یہ کس کی ہے؟ یہ Federal Ministry ہے۔جو airport کے معاملات ہیں، یہ سارا کس کا issue ہے؟ یہ Civil Aviation کا ہے اور Federal issue ہے۔ وہاں پر جو climate کے مسائل ہیں، کس کا issue ہے؟ یہ Federal کا ہے۔وہاں پر gas کے problem ہیں۔ابھی Prime Minister صاحب وہاں گئے اور کہاکہ ہم وہاں پر gas کے حوالے سے project لگائیں گے۔اب وہ کس کے under آتا ہے؟ وہ Ministry of Petroleum کے under آتا ہے۔ Ministry of Petroleum کون ہے؟ یہ Federal subject ہے۔اس کے بعد NDMA آتا ہے۔ ہمارے وہاں پر مختلف قسم کے مسائل آتے ہیں جیسے سیلاب یا کوئی اور تو انہیں کون دیکھتا ہے؟ BISP کس کا subject ہے؟یہ Federal کا ہے۔FIA کس کا subject ہے؟ Federal subject ہے۔NADRA کس کا subject ہے؟ یہ بھی Federal subject ہے اور پورے ضلع میں نادرا کا ایک ہی دفتر ہے حالانکہ یہ کون سی تک ہے۔Upper Chitral میں تین تحصلیں ہیں۔ مورکوں اور تورکوں تحصیلوں میں نادرا کا کوئی دفتر نہیں اور صرف بونی میں ہے۔ مستوج کا پوراعلاقہ خالی پڑا ہے۔ اسی طرح اگر ہم Lower Chitral کو بھی دیکھیں۔

اگر ہم مختلف علاقوں کے حوالے سے بات کرتے ہیں تو وہاں پر بھی اسی طرح کے problems ہیں تو میری گزارش یہ ہے کہ پچھلے سیشن میں اس حوالے سے جو بات چیت طے ہوئی، اس process کو ذرا تیز کیا جائے اور اس میں اگر کوئی بریفنگ کی ضرورت ہو تو میں حاضر ہوں۔اس میں سینیٹر حضرات میرے ساتھ ہیں اور مجھے support کرتے ہیں۔اگرآپ House کی sense لینا چاہیں تو وہ بھی لے سکتے ہیں حالانکہ وہ already لی ہوئی ہے۔میں سمجھتا ہوں کہ ہمیں علاقے کی بہتری کے لیے کام کرنا ہےاور ہم جو کام کر رہے ہیں،اس سے علاقے کی بہتری کے لیے کوشش کر رہے ہیں کہ علاقے کے اندر بہتری آئے۔ اگر وہاں پر کسی قسم کے مسائل ہیں، کوئی کرپشن ہے، اس کو ہم handle کریں۔ہم ادھر بیٹھے ہیں تو ہمارا کیا کام ہے۔ہم نے علاقے کی بہتری اور علاقے کے لوگوں کی خوشحالی کے لیے کام کرنا ہے۔ ان کے مسائل کو حل کرنے کے لیے بات کرنی ہے۔ بے روزگاری کو کم کرنے کے لیے کوششیں کرنی ہیں۔یہ

اس وقت تک نہیں ہو سکتیں جب تک ہم اس میں محنت نہیں کریں گے، اسے pursue نہیں کریں گے اور اس کی accountability نہیں کریں گے۔ میری آپ سے گزارش ہے کہ اس حوالے سے پچھلے سیشن میں بھی ساری بات ہوئی۔ اب as soon as possible اس معاملے کو line up کریں تاکہ ہم اس پر تیزی کے ساتھ کام کر سکیں۔ ہم علاقے کی بہتری کے لیے اپنی contribution کرنا چاہتے ہیں۔ یہ اس ہاؤس کا حق ہے کہ یہ لوگوں کی زندگیوں کو آسان کرے، شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ۔ جی سینیٹر روبینہ قائم خانی صاحبہ۔

سینیٹر روبینہ قائم خانی: شکریہ، جناب چیئرمین! میں House کی توجہ اس issue پر دلانا چاہوں گی کہ۔۔۔۔ (جاری T13)

T13-01DEC2025 Taj/Ed. Mubashir 06:40 p.m.

جناب ڈپٹی چیئرمین: سینیٹر روبینہ قائم خانی صاحبہ۔

**Point of Order raised by Senator Rubina Qaim Khani on immediate election of Chairperson of the Senate Standing Committee on Foreign Affairs**

سینیٹر روبینہ قائم خانی: شکریہ، جناب چیئرمین! میں House کی توجہ اس issue پر دلانا چاہوں گی، جس طرح سے میرے بھائی دنیش کمار صاحب نے Middle East میں ویزوں کے حوالے سے بات کی جس سے پاکستانی شہریوں کو problem ہو رہی ہے۔ عرفان صدیقی صاحب ایک مہینہ ہو گیا ہے وہ دنیا سے رخصت ہوئے ہیں، Foreign Affairs کی کمیٹی وہ head کر رہے تھے۔ کافی سارے issues ایسے ہیں اور بہت ساری Standing Committees جو watchdog کا کام کرتی ہیں۔ پی ٹی آئی کے بھائیوں نے استعفے دے دیے ہیں۔ اگر وہ کام نہیں کرنا چاہتے Standing Committees کے Chairpersons کے حوالے سے تو میں سمجھتی ہوں کہ ان کو بھی functional ہونا چاہیے اور Foreign Affairs کی کمیٹی بہت اہم ہے تو اس کا Chairman nominate ہونا چاہیے۔ شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی سینیٹر عطاء الحق درویش صاحب۔

**Point of public importance raised by Senator Atta-Ul-Haq regarding drone attacks on a Madressa Jamia Sharifia in Hangu**

سینیٹر عطاء الحق : نحمدہ و نصلی علیٰ رسولہ الکریم۔ امابعد۔ اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ (عربی) انتہائی معزز و مکرم جناب چیئرمین صاحب۔۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : معزز اراکین سے گزارش ہے کہ اگر مختصر بات کریں تو سب کو وقت مل سکتا ہے۔آپ لوگوں کو پتا ہے کہ کل صبح مشترکہ اجلاس بھی ہے۔ جی۔

سینیٹر عطاء الحق : نمبرا۔ اس وقت پورا پاکستان بدامنی کی لپیٹ پہ ہے خصوصاً صوبہ خیبر پختونخوا۔ وہاں پر بدامنی ہے، بے روزگاری اور مہنگائی بھی ہے۔ اسی طرح بہت سارے اور بحران ہیں لیکن اب بدامنی کا لہر یہاں تک پہنچ گئی کہ گزشتہ شب ضلع ہنگو، گاؤں تندو میں ایک بہت بڑا مدرسہ جامعہ شریفیہ ہے۔ اس کے مہتمم حضرت مولانا عصمت اللہ صاحب ہیں۔ رات کو دو مرتبہ مدرسے پر drone attacks ہوئے۔ اس میں بہت سارے طلباء بھی زخمی ہوئے۔ پھر صبح جب یہ ڈی پی او صاحب کے پاس چلے گئے یا وہاں پر جو مقتدر لوگ ہیں، ان کے پاس چلے گئے تو وہ لوگ بالکل انکار کر رہے تھے کہ یہاں پر drone attacks وغیرہ ہم نے تو کیے لیکن مدرسے اور مسجد کے حوالے سے بالکل اس طرح کی کوئی بات نہیں ہے۔ لیکن بعد میں جب طلباء نکلے اور وہاں کے لوگ بھی نکلے اور احتجاج کیا تو اس کے بعد وہ خود مدرسے میں آئے اور انہوں نے معذرت بھی کی۔ صرف یہ نہیں ہے کہ مدرسے پر انہوں نے صرف ایک رات کوئی drone attack کیے، مسلسل، آئے دن وہاں پر مساجد پر بھی drone attacks ہو رہے ہیں۔ وہاں پر مدارس پر بھی drone attacks ہو رہے ہیں۔ میں درخواست کرتا ہوں کہ فوری طور پر اس کے خلاف کوئی نوٹس لیا جائے اور اس کا تدارک کیا جائے۔

نمبر۲۔ یہاں پر شیر رحمان صاحبہ بھی تشریف فرما ہیں۔ گزشتہ روز۔۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : اس وقت وہ موجود نہیں ہیں۔

سینیٹر عطاء الحق : وہ موجود نہیں ہیں۔ چلیں ٹھیک ہے۔ شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : جی سینیٹر خالدہ اطیب صاحبہ۔

## Point of public importance raised by Senator Khalida Ateeb regarding the death of a three years old boy resulting from an uncovered manhole in Karachi

سینیٹر خالدہ اطیب: شکریہ، جناب چیئرمین! ابھی میں کوئی بہت لمبی چوڑی بات نہیں کرنا چاہتی۔ کراچی میں ایک اندوہناک واقعہ پیش آیا ہے۔ ایک manholes کھلا ہوا تھا جس میں تین سالہ بچہ ابراہیم گر کر جاں بحق ہوا۔ پندرہ گھنٹے کے بعد اس کی لاش ملی۔ کھلے ہوئےmanhole کراچی میں ایک اتنا بڑا ایشو ہےاور یہ اتنا بڑا سانحہ ہے کہ ہم کھلے ہوئےmanholesپر ڈھکن نہیں لگا سکتے تو ہم اس ملک کے لیے کیاconstructive کام کریں گے؟ کسی شہر میں کوئی constructive کام کیسے ہو سکتا ہے جہاں پر ہم کسی گٹر کے اوپر ڈھکن نہیں لگا سکتے۔ جہاں پر ڈمپر مافیا لوگوں کی جانیں لے رہی ہے۔ جہاں پر ان کے خلاف ایف آئی آر ز کٹوائی جا رہی ہیں لیکن ان کی کوئی شنوائی نہیں ہو رہی۔ میرا آپ سے بہت درد مندانہ اپیل ہے کہ خدارا! کراچی کے لوگوں کی طرف توجہ دیں۔ انہیں انسان سمجھیں۔ وہ taxpayers ہیں۔ کراچی سے ایک بڑا حصہ ٹیکس کا وفاق کو آتا ہے۔ ایک بہت بڑا حصہ ٹیکس کا سندھ حکومت کو جاتا ہے۔ مین ہول پر، گٹر پر ڈھکن لگانے کی ذمہ داری کس کی ہے؟ کس طرح ہمارے بچے ان میں گر گر کر جان دیتے رہیں گے؟ ایک تین سال کا بچہ ابراہیم، جس کے والدین سردیوں کی خریداری کر کے نکلے۔ انہوں نےgloves خریدے، سویٹر خریدے۔ اس ماں کا حال آپ دیکھیں، ٹی وی پر جو دکھایا جا رہا ہے، کوئی بھی دل میں درد رکھنے والا انسان اس کو دیکھ کر اپنے آنسو روک نہیں پائے گا۔ میری اس ایوان کے توسط سے گزارش ہےاور میں بارہا اس موضوع پر بات کرتی رہی ہوں اور کرتی رہوں گی جب تک یہ مسئلہ حل نہیں ہو جاتا کیونکہ ہم کراچی کوrepresent کرتے ہیں۔ ہم یہاں پر عوام کی آواز بن کر بیٹھے ہوئے ہیں۔ اگر کراچی میں ایسے حادثات ہوتے رہیں گے تو پھر کراچی کے عوام کے جذبات کو آپ نہیں روک پائیں گے۔۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: یہ بہت اہمissue ہے۔

سینیٹر خالدہ اطیب: خدانخواستہ ایسا وقت نہ آئے کہ جب جذبات بے قابو ہو جائیں اور لوگ احتجاج کرنے کے لیے سڑکوں پر نکل آئیں۔ اس ایوان کے توسط سے میری بہتhumble گزارش ہے اور میں بہت درد مندانہ اپیل کرتی ہوں کہ کراچی کے میئر اس طرف توجہ دیں کیونکہ دیکھا جائے تو بنیادی طور پر ذمہ داری ان کی ہے۔ انہیں اس طرف توجہ دینی چاہیے نہ کہ وہ جذبات کو بھڑکانے والے بیانات ٹی وی پر دے کر لوگوں کو مشتعل کریں۔ ایسا طریقہ کار کسی بھی ایک بہت ذمہ دار انسان کو جو اس شہر کا میئر ہو، اس کو یہ زیب نہیں دیتا۔۔۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ نے بہت اہم نکتہ اٹھایا ہے۔ سندھ حکومت کے لوگ سن رہے ہوں گے، یہاں پر بھی بیٹھے ہیں۔ روبینہ صاحبہ بھی بیٹھی ہیں۔ اس واقعے کا ان کو نوٹس لینا چاہیے۔

سینیٹر خالدہ اطیب: جناب چیئرمین! میں سندھ کی ہی نمائندگی کرتی ہوں۔ میں سندھ سے ہی منتخب ہو کر آئی ہوں۔ کراچی کی نمائندگی کرتی ہوں۔۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: ہم اس حوالے سے اپنے آفس کو بھی ہدایات دیتے ہیں۔

سینیٹر خالدہ اطیب: اس لیے میں اس ایوان کے اس floor کو اس کے لیے استعمال کر رہی ہوں کہ تین سالہ ابراہیم کا کیا قصور تھا۔ اس کے ماں باپ کو جو زندگی بھر کا ایک دکھ مل گیا، اس کا ذمہ دار کون ہے؟ ہم حکومت کو ہر چیز کا ٹیکس ادا کرتے ہیں۔ ہماری جان اور مال کی حفاظت کی ذمہ داری ان کا فرض ہے اور انہیں اپنا یہ فرض ادا کرنا چاہیے۔ شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ۔ جی سینیٹر عون عباس صاحب۔

## Point raised by Senator Aon Abbas regarding denial of permission to meet with founder of the PTI

سینیٹر عون عباس: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ وقت دینے کا بہت شکریہ، جناب چیئرمین! دو تین معاملات تھے جن پر میں گفتگو کرنا چاہ رہا تھا۔۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ تھوڑا مختصر کر لیں تاکہ باقی دوستوں کی بھی request ہے، وہ بھی بات کر سکیں۔

سینیٹر عون عباس: سات، آٹھ منٹ سے اوپر نہیں جاؤں گا۔ جناب چیئرمین! وقت دینے کا شکریہ۔ ایک بہت بڑا important issue ہے جو کہ پچھلے ایک، ڈیڑھ ماہ سے پورا پاکستان دیکھ رہا ہے۔ وہ یہ ہے کہ پاکستان کا سب سے مقبول لیڈر اس وقت اڈیالہ جیل میں ہے اور اس سے ملاقات کے لیے تقریباً ڈیڑھ ماہ سے کسی کی ملاقات نہیں ہونے دی جا رہی۔ پچھلے منگل والے دن میں اڈیالہ میں تھا۔ ہم وہاں پر رات کو ڈیڑھ دو بجے تک بہنوں کے ساتھ بیٹھے رہیں۔ جس قسم کا رویہ وہاں پر انتظامیہ کا ان کے ساتھ ہے اور جس قسم کی خبریں آ رہی ہیں، بجائے ان خبروں پر دھیان دینے کے وہ Indian source ہے یا نہیں ہے۔ ہم میں سے کسی نے آج تک حکومت میں آ کر دیکھ لیجیے، ان کی seriousness دیکھیں، ایک وزیر نے یہ بھی آ کر کہا کہ عمران خان خیریت سے ہے، جیل میں ہے اور ہم اگلے منگل ملاقات کرا دیں گے۔ چیئرمین صاحب! لگتا ایسا ہے کہ یہ پورا نظام اس قیدی سے ڈر چکا ہے۔ ایک ایسا قیدی جو پچھلے 800 دنوں سے سلاخوں میں بیٹھا خاموشی سے اس

پورے نظام پر مسکرا رہا ہے۔ یقین جانیے کہ پورا نظام اس سے ڈر کر بیٹھا ہے۔ اس نے اس پورے نظام کو ننگا کرکے رکھ دیا ہے۔ یہ وہ نظام ہے جو اس قیدی کے ڈر کی وجہ سے پوری دنیا اس سے ملنے نہیں دے رہا، کہیں یہ نہ ہو کہ نظام کو ہلاتے ہلاتے وہ قیدی کوئی ایسا message convey نہ کر دے کہ نظام کی ٹانگیں نہ کانپنی شروع ہو جائیں۔

جناب چیئرمین! آج وقت یہ ہے کہ ان کی بہن نورین نیازی، ایک ایسی خاتون جس کا اپنا بیٹا ملٹری کورٹ میں دس سال کی سزا بھگت رہا ہے۔ ایک ایسی خاتون جس کا اپنا بھائی، 73 سال کا بھائی پچھلے 800 دنوں سے جیل میں ہے۔ وہ جب جیل میں اس سے ملنے کے لیے جاتی ہے تو ایس ایچ او اس کو بالوں سے پکڑ کر گھسیٹتا ہے اور ٹھنڈے پانی کا ایک ٹینکر ہے، ادھر سے پانی انڈیل دیا جاتا ہے تاکہ اس کے کپڑے گیلے ہو جائیں اور رات کو ڈیڑھ بجے سردی میں 7 degree temperature پر وہ ٹھٹھرتی ہوئی اپنے بھائی کی ملاقات کے لیے باہر بیٹھی رہتی ہے لیکن نظام ٹس سے مس نہیں ہوتا۔ مجھے ویسے اس ایس ایچ او کو سلام کرنا چاہیے جو اتنی مستعدی سے کام کر رہا ہے۔ یقین جانیے جب وہ جا کر کسی انڈین چینل پر انٹرویو دیتی ہے تو بجائے وہ دیکھنے کہ اس نے کیا الفاظ کہے، ایک ڈاکٹر artificial intelligence کو use کرکے اس کا پورا انٹرویو تبدیل کر دیا جاتا ہے اور narrative آتا ہے کہ دیکھیں جی عمران خان کی بہن نے انڈین چینل کو انٹرویو دے دیا۔ آپ کیا سمجھتے ہیں چیئرمین صاحب! وہ بہن آخر کرے کیا جس کو پچھلے ایک ماہ سے یہ خبر مل رہی ہو کہ تمہارے بھائی خیریت سے نہیں ہے۔ جب پاکستانی میڈیا اس کو نہیں دکھانا چاہ رہا، وہ انڈین چینل میں جا کر انٹرویو دیتی ہے تو اس کا پورا انٹرویو تبدیل کر دیا جاتا ہے۔ (جاری۔۔۔T14)

T14-01Dec2025 Ali/Ed: Khalid 06:50pm

سینیٹر عون عباس: (جاری ہے۔۔۔۔) جس کو پچھلے ایک ماہ سے یہ خبر مل رہی ہو کہ تمہارا بھائی خیریت سے نہیں ہے، اس پر جب Pakistani media اس کو نہیں دکھانا چاہ رہا، وہ Indian channels میں جا کر interview دیتی ہے۔ اس کا پورا interview تبدیل کر لیا جاتا ہے اور کہا جاتا ہے کہ Indian channels پر چیئرمین صاحب واقعی اس کو تو سزا ملنی چاہیے، Indian channels پر گئی! لیکن چیئرمین صاحب پھر خراج تحسین تو پیش کرتے ہیں میاں نواز شریف صاحب کو، کیونکہ میاں صاحب نے کیا کیا تھا، اجمل قصاب کی خبر سب سے پہلے کس نے break کی تھی کہ فرید کوٹ میں وہ رہتا ہے؟ برکھا دت سے پچھلے سال ملاقات کس نے کی تھی؟ Narendra Modi اپنی پوتی کی شادی میں مبارک دینے جاتی امرا کب آیا تھا؟ Jindal Sahib جاتی امرا میں ملاقات کے لیے آئے تھے؟ Ab Tak

TV channel پرinterview دیتے ہوئے کس نے کہا تھا کہ " پاکستان پر قبضہ ہمارا نہیں، کسی اور کا ہے؛ان غاصبوں سے ہم نے اس کو آزاد کروانا ہے"؟ یہ [****][1] تھے ان کو نشان حیدر دے دیتے ہیں، نورین نیازی، جو اپنی بہن اور اپنے بھائی کے لیے بیٹھی رہی، اس کو سزا دے دیتے ہیں۔ چیئرمین صاحب! یہ انصاف نہیں ہے، یہ انصاف نہیں ہے اس طرح پاکستان نہیں چل سکتا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ اپنی بات ضرور کرلیں، مگر جو لوگ ایوان میں موجود نہیں ہیں، ان کے نمائندے بھی موجود نہیں ہیں۔

سینیٹر عون عباس: چیئرمین صاحب وہ تو نہیں آ سکتے، وہ تو Senator نہیں ہے، National Assembly میں وہ تو رہے ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ لیٹ آئے ہو اور وہ پہلے بیٹھے تھے۔ وہ جو موجود نہیں ہیں اخلاقاً آپ ان کا نام نہ لیں اس کو expunge کرتے ہیں۔

سینیٹر عون عباس: چیئرمین صاحب ایک سوال ہے، میں معذرت کے ساتھ، میں کسی کی گستاخی نہیں کرنا چاہتا، ہمیں وہ کہتے ہیں، فرماتے ہیں کہ جو عمران خان کو لائے تھے، ان کو سزا دی جائے۔ حضور! یہ بتایئے کہ صرف 2018 کا آپ نے احتساب ہی کرنا ہے؟ جو 1990 سے لے کے آج 2024 تک لائے، ان کا پھر احتساب نہیں ہو سکتا؟ جو آپ کو پہلے بھی لاتے رہے اور اب بھی لے کر آئے، ان کا احتساب نہیں کرنا؟ ہاں، عمران خان کو جو لے کر آئے شاید ان کا احتساب ہو سکتا ہے؟ حضور! اس طرح کے T.O اور S.O.Ps شاید دنیا میں نہیں چل سکتے کہ اگر آپ نے احتساب کرنا ہے تو ان کو سزا دیں جو عمران خان کو لے کے آئے تھے۔ اگر واقعی ان کو پاکستان کی فکر ہے، اگر واقعی ہے، تو IMF کی report پڑھ کے دیکھ سکتے ہیں کہ ان کے بھائی نے اس ملک کے ساتھ کیا کیا؟ 3.5 فیصد آپ کی GDP کا وہ corruption کی نذر ہو جاتا ہے، 5.1 trillion، یعنی 5.1 کھرب پاکستان میں corruption کی نذر ہو رہا ہے۔ وہ report نہیں پڑھیں گے، پاکستان میں آٹے کی قیمت جہاں ان کی بیٹی وزیراعلیٰ ہے، پنجاب میں بیس کلو تھیلا آٹے کی قیمت 2200 روپے ہو چکی ہے۔ 4500 روپے من آٹا بک رہا ہے اور یہاں اس نے پابندی لگا دی کہ خیبر پختونخوا میں آٹا نہیں جائے گا۔ ان کی policy کی وجہ سے 5500 روپے من آٹا اس وقت خیبر پختونخوا میں بک

[1] [*Words expunged as ordered by the Deputy Chairman.*]

رہا ہے، کیونکہ پابندی لگادی ہے۔ اگر آج پنجاب آٹے پر پابندی لگائے گا کہ آٹا خیبر پختونخوا نہیں جا سکتا، تو کل کو خیبر پختونخوا کہہ دے کہ میں اپنی گیس نہیں بھیجتا۔ تو اگر ہر یونٹ، ہر اکائی، جو Federation میں ہے، اپنی پابندی لگانی شروع کر دے تو پھر ملک کہاں جائے گا؟

چیئرمین صاحب! آپ کو اندازہ ہے کہ اس وقت پاکستان میں چینی کی قیمت 220 روپے کلو ہو چکی ہے اور ان sugar mills کا مالک کون ہے؟ 70% sugar mills کے مالک ان پارلیمان میں بیٹھے لوگ ہیں اور وہ 70% Government Benches پر بیٹھے ہیں۔ آپ کو پتا ہے کہ زرداری صاحب سے لے کر نواز شریف صاحب تک یہ سارے کے سارے sugar mills کے مالک ہیں۔ انہوں نے جب گنا خریدا تھا تو چینی کی جو قیمت بنتی تھی وہ 100 روپے کلو بنتی تھی، نفع جیب میں ڈال لیا۔ آج 250 روپے کلو کے حساب سے چینی بک رہی ہے۔ وہ report نظر نہیں آئے گی۔ ان کو احتساب کرنا ہے کہ عمران خان کو کون لے کے آیا تھا۔ اگر آپ نے واقعی پنجاب کی کارکردگی دیکھنی ہے تو کل helmets نہ پہننے کی وجہ سے بیس ہزار لوگوں کا چالان ہوا ہے، استادوں کا، students کا چالان کر دیا۔ پانچ پانچ ہزار روپے چالان کرکے ان کو تھانوں میں بند کر دیا ہے۔ کل ساری رات دس ہزار لوگ، جو غریب آدمی موٹر سائیکل پر اپنے گھر جا رہا تھا، وہ تھانوں میں بیٹھا تھا، کیونکہ helmet نہیں ہے. پانچ ہزار جرمانہ ہی کرنا تھا تو مفت کے helmet ہی دے دیتے، کیا عذاب ڈال رکھا ہے آپ نے؟

چیئرمین صاحب! اس ملک میں کس کس چیز کا رونا روئیں؟ یہ ملک ختم ہو چکا ہے۔ لیکن انہوں نے احتساب کرنا ہے جو عمران خان کو لے کر آئے تھے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: اللہ نہ کرے یہ ملک ختم ہو جائے۔

سینیٹر عون عباس: اللہ نہ کرے۔ ایک درخواست کرنا چاہ رہا ہوں، اگر آپ نے واقعی، اس نظام نے کسی طریقے سے آگے چلنا ہے تو آج بھی موقع ہے، کل منگل کا دن ہے وکیلوں کو ملوا دیجیئے، بہنوں کو ملوا دیجیئے۔ اتنا تماشا کرنے کی ضرورت ہی کیا ہے؟ بجائے یہ source پوچھنے کی کہ خبر کس نے دی؟ آپ بات کرنا چاہ رہے ہیں تو اس کو جا کر دور سے دکھا دیجیئے، ہمیں ایک آنکھ سے دکھا دیجیئے کہ ہمارا لیڈر وہ سامنے بیٹھا ہے۔ آخر ایسی کون سی چیز ہے جو آپ اس کو چھپا کر رکھ رہے ہیں؟

چیئرمین صاحب! یقین جانیے اس کو کچھ فرق نہیں پڑے گا۔ اگر اس نے دوڑنا ہوتا، اگر اس نے بھاگنا ہوتا، اگر اس نے ملک چھوڑ کے جانا ہوتا، تو پہلے مہینے چلا جاتا ڈھائی سال انتظار نہ کرتا۔ آپ 25 سال اس کو جیل میں رکھیں وہ ویسا ہی بیٹھا رہے گا اور مسکراتا رہے گا۔ ایسی کوئی چیز نہیں جو اس کو ہلا سکے، جو اس کو توڑ سکے گی، کوئی نہیں توڑ سکتا اور وہ وقت دور نہیں جب وہ باہر نکلے گا، وہ مسکرائے گا، وہ اس نظام پر بھی مسکرائے گا، اس پورے کے پورے ایوان پر بھی مسکرائے گا اور ان شاء اللہ اس ملک کا اگلا وزیراعظم منتخب ہوگا۔ پاکستان زندہ باد، پاکستان زندہ باد، عمران خان زندہ باد۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ لوگوں نے وعدہ کرنا ہے کہ کورم کی نشاندہی نہیں کرنی۔ میری اس حوالے سے آپ لوگوں سے اور حکومت سے بھی گزارش ہے کہ جمہوری حوالے سے جیسے قومی اسمبلی میں تمام حکومت کے لوگ اور اپوزیشن کے لوگ بیٹھے، ان issues پر بلکہ تمام عوامی issues پر آپس میں بیٹھیں۔ اس کے لیے میرا chamber بھی حاضر ہے، Chairman Senate کا chamber بھی حاضر ہے۔ Chief whip بھی ماشاء اللہ بڑا active، بڑے میٹھے، بڑے ٹھنڈے... تو اس حوالے سے بات چیت کی ضرورت ہے اور آپ کی آج کی جو speech ہے، اس پر آپ کو آپ کی party کی طرف سے انعام بھی ملنا چاہیے اور وہ بھی Nobel prize ماشاء اللہ۔

میں ایک جمہوری آدمی ہوں، میں خود ان چیزوں کو سمجھتا ہوں، مگر یہ ہے کہ ہم Chair پر بیٹھے ہیں تو آپ لوگوں کو مشورہ دے سکتے ہیں کہ آپ لوگ آپس میں بیٹھیں، چیزوں کو جوڑ لیں اور تمام issues پر بات کر لیں۔ کیونکہ پیپلز پارٹی ہو یا پاکستان مسلم لیگ ن ہو یا ایم کیو ایم ہو یا پاکستان تحریک انصاف ہو یا جمعیت علمائے اسلام ہو یا عوامی نیشنل پارٹی ہو یہ سارے جمہوری لوگ ہیں، آپ اس میں بیٹھ کر ان issues پر بات کر سکتے ہو اور ماضی کو بھلا کر ملک کے خاطر، جمہوریت اور آئین کے خاطر مل کر کوئی ایسی چیز بنا دیں۔ سینیٹر علی ظفر صاحب جیسے ایک معتبر سیاسی آدمی اور بہت سے دونوں طرف سے، آپ لوگ اس پر بات کریں، اس کے لیے ہم حاضر ہیں۔ مگر اب سینیٹر علی ظفر صاحب سے پہلے سینیٹر کامران مرتضیٰ صاحب بالکل مجھے گھور گھور کے دیکھ رہے ہیں، کامران صاحب بات کریں۔

**Senator Syed Ali Zafar**

سینیٹر سید علی ظفر: میرا خیال ہے کہ ہمارے بھی جذبات بھی وہی ہیں، تو ان شاء اللہ دیکھیں، پاکستان کے لیے سب سے بہترین ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: یہ ضروری ہے۔

سینیٹر سید علی ظفر: تو پاکستان کا مستقبل ہم سب کا مستقبل ہے، ہمارے بچوں کا مستقبل ہے اور ہم نے اس کو ہی بہتر کرنا ہے، ان شاء اللہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ، جی سینیٹر کامران مرتضیٰ۔

## Point of Importance raised by the Senator Kamran Murtaza regarding the offloading of Passengers by FIA

سینیٹر کامران مرتضیٰ: پیار سے دیکھ رہا تھا، گھور کر نہیں دیکھ رہا تھا۔ جناب! بات تو میں نے اپنی کرنی ہے، وہ اس کے بعد کرتا ہوں۔ یہ جو ملاقات والا مسئلہ ہے، یہ کوئی اتنا ایشو نہیں ہے کہ کوئی بہت زیادہ complicated ہو اور یقیناً کل منگل کا دن ہے، اگر کوئی زیادہ complications ہیں تو یہ کیا جا سکتا ہے کہ House کی ایک Committee بنا کر ان کو visit کروا دیا جائے اور اس visit کے نتیجے میں کم از کم ان کی یہ تسلی اور تشفی ہو جائے گی کہ قیدی نمبر 804 جو ہیں ان کی صحت درست ہے یا درست نہیں ہے، یا خدانخواستہ ان کی زندگی کو کوئی خطرہ تو نہیں ہے۔ تو اس House کی Committee بنا کر یہ کام کیا جا سکتا ہے اور آپ دو قدم آگے بڑھیئے، یہ سب کچھ پاکستان کے لیے ہوگا اور جو کام پاکستان کے لیے ہوگا اس کا فائدہ ہوگا ان شاء اللہ۔

میں نے آپ کی توجہ جو مبذول کروانی تھی، وہ اس طرف مبذول کروانی تھی کہ یہ ہم سب کا حق ہے کہ قانون کے مطابق ہمارے ساتھ سلوک کیا جائے اور Article 4 of the Constitution اس کی guarantee کرتا ہے۔ آپ نے آج کا جنگ اخبار دیکھا ہوگا یقیناً، اس میں FIA ان مسافروں کو بھی offload کر رہا ہے جن کے documents پورے ہیں اور offload کرنے کی وجہ صرف شک ہے۔ آپ شک کی بنیاد پر، کاغذ پورے ہونے کے باوجود کسی کو offload کر لیں تو یہ میرا خیال ہے کہ قانون کی خلاف ورزی ہو جاتی ہے اور اگر وہ شک کل کلاں غلط ثابت ہو جائے تو اس کی compensation کیا ہوگی جس کو offload کیا گیا ہے؟ تو یہ بہت اہم مسئلہ ہے۔ محسن نقوی صاحب تشریف نہیں رکھتے، طلال صاحب بھی تشریف نہیں رکھتے، میرا خیال ہے کہ Chief whip یہ توجہ ان کی مبذول کروائیں گے کہ FIA کا یہ طریقہ کار بالکل غیر مناسب ہے، جہاز سے کسی کو بھی offload کر لینا، کسی کا کہیں پر کوئی ضروری کام ہوگا، وہاں پہنچنا ہوگا، کسی نے اس ticket کے حوالے سے پیسے لگائے ہوں گے، کسی نے اپنی duty پر پہنچنا ہوگا۔ اس معاملے کو ٹھیک کیا جانا چاہیے۔ FIA والے یا حکومت میں موجود اشخاص یا forces کے لوگ وہ کوئی بادشاہ سلامت نہیں ہوتے کہ جس کو جی چاہیں offload کر لیں۔ Documents پورے ہیں

تو پھر at any cost ان کو ان documents پر travel کرنے کی اجازت ہونی چاہیے، otherwise کوئی اور طریقہ کار وضع کیا جائے، مگر قانون کی خلاف ورزی براہ مہربانی نہ کی جائے۔ آپ کا شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی۔ (جاری ہے-----T-15)

T15–01Dec2025 Imran/ED: Shakeel 07:00 pm

جناب ڈپٹی چیئرمین: (جاری---) جی سینیٹر سید علی ظفر صاحب۔

**Senator Syed Ali Zafar**

سینیٹر سید علی ظفر: آج ایسا دن ہے کہ جب میں نے ہر ایک کے ساتھ agree کرنا ہے۔ کامران مرتضیٰ صاحب نے بڑی اچھی suggestion دی ہے۔ میں اُس کو endorse کرتا ہوں کہ ایک کمیٹی بنا کر اُس کمیٹی کو بھیج دیں تاکہ ہم جا کے جیل authorities سے مل سکیں اور ہماری خان صاحب تک رسائی ہو سکے اور ہم دیکھ سکیں کہ اُن کی صحت ٹھیک ہے یا نہیں۔ میرا خیال ہے کہ جو کمیٹی والا proposal ہے، ہم اُس کو بالکل endorse کرتے ہیں۔ اگر آپ ابھی ووٹ کرا دیں تو میرا خیال ہے ابھی اس ہال میں یہ ایک resolution pass ہو جائے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی سینیٹر خلیل طاہر سندھو صاحب! آپ تھوڑا سا بول لیں۔ اچھا۔ جی سینیٹر سلیم مانڈوی والا صاحب۔ پلیز آپ اس House کی اس حوالے سے رہنمائی کر دیں۔ اس وقت حکومت کے لوگ بھی موجود نہیں ہیں۔

**Senator Saleem Mandviwalla**

سینیٹر سلیم مانڈوی والا: جناب! کامران مرتضیٰ صاحب کی جو بات ہے، اُس پر میں یہ suggest کروں گا کہ---

**(مداخلت)**

سینیٹر سلیم مانڈوی والا: میری طرف سے کوئی problem نہیں ہے لیکن حکومت کی طرف سے کوئی موجود نہیں ہے۔ جہاں تک مرتضیٰ صاحب کا تعلق ہے تو آپ اس matter کو interior refer کر دیں۔اس کو کمیٹی میں بھیج دیں کیونکہ یہ روز کا مسئلہ ہے۔ Daily لوگ offload ہو رہے ہیں۔

(مداخلت)

سینیٹر سلیم مانڈوی والا: جی! آپ کیا کمیٹی کے لیے request کر رہے ہیں؟ آپ کیا request کر رہے ہیں؟ جناب، میں نے تو ان سے کہا ہے کہ آپ گورنمنٹ کو request کر دیں کہ meeting کرا دیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی مشال! آپ بات کریں۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی اس پر بھی بات کریں گے۔جی آپ بات کریں۔

**<u>Point raised by Senator Mashal Azam regarding denial of permission to meet with Founder of the PTI and harsh conduct of Police with the members of the Parliament outside Adiala Jail</u>**

سینیٹر مشال اعظم: شکریہ چیئرمین صاحب! آج اس وقت پاکستان کو جو مسائل در پیش ہیں اور جمہوریت کا جو حال ہے، اُس کا پاکستان کے علاوہ دنیا بھی یہ تماشہ دیکھ رہی ہے لیکن آج میں اپنے لیڈر عمران خان صاحب کی بات کرنا چاہتی ہوں جن کو پچھلے ایک مہینے سے cut off کیا گیا ہے۔اُن کے نہ trials کیے جا رہے ہیں، نہ اُن سے ملاقاتیں کرائی جا رہی ہیں، نہ اُن کے doctors کو اُن تک access دی جا رہی ہیں اور پچھلے ایک مہینے سے ہمیں اُن کی کوئی خیر خبر نہیں ہے کہ وہ کس حال میں ہیں۔

جناب چیئرمین! سیاسی اختلافات اپنی جگہ لیکن وہ اس ملک کے سابق وزیر اعظم ہیں، ایک مقبول ترین لیڈر ہیں جن کو عوام نے آٹھ فروری 2024 کو اپنا mandate دیا تھا جو چوری کر لیا گیا۔ وہ باہر ہوتے تو شاید وہ mandate چوری نہ ہوتا۔ چیئرمین صاحب! میں اس

ایوان کی ممبر ہوں۔ پچھلے Thursday پوری رات میں نے اڈیالہ کے باہر گزاری ہے اور یہ اس سینیٹ کی توہین ہے کہ جس طریقے سے پنجاب پولیس کا ایک ASI یا SHO ہمیں deal کرتا ہے۔ یہ اس ایوان کی تکریم کی توہین ہے کہ آج اس ایوان کے ممبران کے ساتھ یہ ہو رہا ہے۔

جناب! دو بجے سے اگلے دن صبح نو بجے عدالتیں کھلنے تک ہم اڈیالہ کے باہر کھڑے رہے اور ہمیں پنجاب پولیس نے cordon off کیا۔ آپ اندازہ لگائیں جناب کہ وہاں پر female پولیس بھی نہیں تھی ورنہ اس ملک کا آئین میں بھی ہے، قانون بھی ہے کہ جب کوئی خاتون کھڑی ہو اور اگر آپ کی بڑی مجبوری ہے اور آپ پر بہت pressure ہے تو آپ female پولیس اہلکار کو کھڑا کریں لیکن اُنہوں نے male پولیس یا SHO جو اس وقت طاقتور ترین ہیں، اُس کے ذریعے وزیر اعلیٰ نے اس ایوان کے ممبران اور نیشنل اسمبلی کے ممبران کو روکا گیا تھا۔

میں باقی لوگوں کا نہیں پوچھوں گی جناب لیکن میں آپ سے درخواست کروں گی کہ میرا متعلق پوچھیں کیونکہ آپ Custodian of the House ہیں اور میں اس ایوان کی ممبر ہوں اور یہ صرف میری insult نہیں کرائی گئی ہے بلکہ اس ایوان کی insult کرائی گئی ہے کہ اس ایوان کے ممبران کو ایسے ڈیل کیا جاتا ہے۔ ہمارے لیڈر عمران خان صاحب غیر قانونی طور پر بند ہیں۔ اُن کی اہلیہ بھی بند ہیں جن کے لیے ابھی تک class identify نہیں ہو رہی۔ وہ اس ملک کی First Lady رہ چکی ہے۔

جناب! میرا پہلا موقف یہ ہے کہ مردوں کی لڑائی مردوں کی طرح لڑنی چاہیے اور غیر سیاسی خواتین کو اس میں نہیں لے کر آنا چاہیے۔ یہ ہمارا اسلام بھی کہتا ہے، یہ ہماری اخلاقیات بھی کہتی ہے اور یہ ہماری روایات بھی کہتی ہے۔ ہمارا مذہب بھی یہی کہتا ہے کہ جنگوں میں بھی دشمن کی خواتین کو اور بچوں کو ہاتھ نہیں لگانا چاہیے لیکن ہم نے دیکھا کہ غیر سیاسی خواتین کے ساتھ کس طرح کا سلوک کیا گیا۔ میرے لیڈر کی بہن نورین نیازی صاحبہ، جو کہ ستر سال سے اوپر کی عورت ہے۔۔۔

(مداخلت)

سینیٹر مشال اعظم: حوصلہ کریں میڈم حوصلہ کریں۔ آپ بڑا حوصلہ کریں۔ ہم نے آپ کی بڑی باتیں سنی ہیں۔ ہم نے آپ کی باتیں سنی ہیں اور ظرف دکھایا ہے۔ جناب! ہم نے ان کی باتیں سنی ہیں سو یہ بھی ظرف دکھائیں۔ جب آپ کی مریم نواز سندھ میں تھی تو مریم نواز کا دروازہ سندھ حکومت کے ہوتے ہوئے توڑا گیا تھا۔ وہ پیپلز پارٹی تھی اور آج مریم نواز اُن کی بہن ہیں۔ نہ کریں میڈم، بیٹھ جائیں، حوصلہ کریں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: ابھی ہم نے Chair سے اس معاملے کو۔۔۔

(مداخلت)

سینیٹر مشال اعظم: جناب! آپ ہمیں مجھے بولنے کا موقع دیں۔ جناب! ہم نے پچھلے دو دنوں سے بڑی باتیں سنی ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: نہیں، ابھی Chair کی طرف سے۔۔۔

(مداخلت)

سینیٹر مشال اعظم: جناب، مجھے بولنے کا موقع دیں۔ جناب! سر مجھے بولنے کا موقع دیں۔ ہم نے ان کی باتیں سنی ہیں، اب یہ حوصلہ کریں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: نہیں، اب Chair اس میں کیا کر سکتا ہے؟

سینیٹر مشال اعظم: جناب، یہ حوصلہ کرکے میری بات سنیں۔ یہ میری بات سنیں۔ بیٹھ جائیں۔ آپ حوصلہ کریں۔ میری بات سنیں۔ جناب! ان کو تکلیف یہ ہے جب ہم ان کو آئینہ دکھاتے ہیں تو ان کو درد ہوتا ہے۔ ہم ان کو جب آئینہ دکھاتے ہیں تو ان کو تکلیف ہوتی ہے اور ان کو درد ہوتا ہے۔ آپ آئینہ نہ توڑیں بلکہ اپنا چہرہ ٹھیک کریں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: ابھی آپ کے پارلیمانی لیڈر نے بھی اس حوالے سے بڑی باتیں کیں ہیں۔ اس پر عون عباس صاحب نے بھی بات کی ہے۔

سینیٹر مشال اعظم: جناب، میں بات کروں گی۔ جناب، یہ میرا حق ہے کہ جس لیڈر کے ووٹ سے میں یہاں آئی ہوں، جن کے نام سے میں آئی ہوں تو میں اُس پر بات کروں گی۔ جناب، یہاں پر آپ نے سب کو موقع دیا ہے تو مجھے بھی موقع دیں۔

جناب ڈپٹی چیئر مین: میں کس کی بات سنوں اور کس کو موقع دوں۔

سینیٹر مشال اعظم: جناب، ہم نے ان کی باتیں بڑی خاموشی کے ساتھ سنی ہیں، ان کو بٹھادیں جناب کیونکہ جب میں ان کو جواب دوں گی تو وہ جواب ان سے برداشت نہیں ہوگا۔ ان کو بٹھائیں جناب ان کو بٹھائیں۔ یا ان کو چپ کرائیں یا پھر جب میں جواب دوں گی تو ان سے برداشت نہیں ہوگا۔ ہم بڑے تمیز سے بات کر رہے ہیں تو ان سے کہیں کہ حوصلہ کریں۔ حوصلہ کریں، حوصلہ کریں۔ جناب، یہ حوصلہ کرکے میری بات سنیں اور بیٹھ جائیں۔ آپ حوصلہ کرکے میری بات سنیں۔

جناب ڈپٹی چیئر مین: ابھی جو باتیں کامران مرتضٰی صاحب نے کیں ہیں تو آپ بھی دیکھیں کہ ایک ہی بات کو repeat نہ کریں۔

سینیٹر مشال اعظم: جناب، میں اُسی کی طرف آ رہی ہوں لیکن ان کو تکلیف کیوں شروع ہوئی ہے جبکہ میں نے تو کوئی ایسی بات بھی نہیں کی اور ان کو تکلیف شروع ہو گئی ہے۔ ان کو کہیں کہ حوصلہ کریں، حوصلہ کریں۔ جناب، ہم ان کو تکلیف پہنچاتے رہیں گے۔ ہم ان کو تکلیف پہنچاتے رہیں گے، بس آپ نے گھبرانا نہیں ہے۔ آپ بیٹھ جائیں۔

(مداخلت)

سینیٹر مشال اعظم: اچھا تو میں بات کر رہی تھی کہ تو ان کو تو چاہیے تھا کہ یہ کہتیں کہ ہماری honourable ممبر کے ساتھ ایسا ہوا ہے اور یہ ہمارا ساتھ دیتیں۔ جناب، ان میں تو نہ جمہوری روایات ہیں اور نہ باقی روایات ہیں۔ جناب، مجھے بات کرنے کا موقع دیں، پلیز آپ اس اجلاس کو برخاست مت کیجئے گا۔ مجھے complete کرنے دیں۔ مجھے kindly complete کرنے دیں۔

جناب ڈپٹی چیئر مین: ایوان کی کاروائی 04 دسمبر، 2025 بروز جمعرات بوقت شام 04 بجے تک ملتوی کی جاتی ہے۔

-------------------

*[The House was then adjourned to meet again on Thursday the 04th December, 2025 at 04.00 p.m]*

-------------------